آج یہ کیسی نوا لے کے صبا آتی ہے

درہم افشردنِ اندامِ تو چوں ما میخواست
خندہ بر تنگیِ آغوشِ قبا می آید

بھینچتی تن ترا جب ہے تو بصد رشک مجھے
شرم از تنگیِ آغوشِ قبا آتی ہے

رفتہ در حسرتِ نقشِ قدمے عمر بسر
جادۂ راکہ بسر منزلِ ما می آید

کب سے یہ حسرتِ نقشِ کفِ پا رکھتی ہے
راہ جو اک بہ درِ اہلِ وفا آتی ہے

اتفاقِ سفر افتاد بہ پیری غالبؔ
آنچہ از پائے نیامد ز عصا می آید

طے رہِ منزلِ ہستی تری پیری غالبؔ
پاؤں سے کر نہ سکی، لے کے عصا آتی ہے

خوش است آنکہ با خویشش جز غم ندارد
ولے خوشتر است آنکہ ایں ہم ندارد

ہے خوش، پاس کچھ جس کے جز غم نہیں ہے
ہے خوش تر جسے غم میں ماتم نہیں ہے

قوی کردہ پیوندِ ناسورِ پشتش
گرانمایہ زخمے کہ مرہم ندارد

گرانمایہ اُلفت کا ناسور ہے وہ
دوا کے لئے جس کی مرہم نہیں ہے

سرابے کہ رخشد بہ ویرانہ خوشتر
ز چشمے کہ پیرایۂ نم ندارد

بجوشِ عرق رنگ اڑتا ہے رخ کا
ترے پھول کو تابِ شبنم نہیں ہے

بجوشِ عرق رنگ درباخت رویت
گل از نازکی تابِ شبنم ندارد

سرابوں سے پُر ایک صحرا سے بدتر
ہے وہ آنکھ، ہوتی جو پُرنم نہیں ہے

گلت را نوا، نرگست را تماشا
تو داری بہارے کہ عالم ندارد

ترے گل میں جلوہ ہے، نرگس میں منظر
بہاراں تری سی بہ عالم نہیں ہے

چہ ناکس شمرد آنکہ خوں ریخت ما را
بہ تیغے کہ ترکیبِ او خم ندارد

کرے تیز، تُو مجھ کو ادنیٰ سمجھ کر
وہ شمشیر جس میں کوئی خم نہیں ہے

زماتم نہ باشد سیاہ پوش، زلفت
کہ ہندو بدیں گونہ ماتم ندارد

سیہ پوش کاکل نہ ماتم میں ہووے
کہ ہندو کرے ایسے ماتم نہیں ہے

سخن نیست در لطفِ ایں قطعہ غالبؔ
بہشتے بود ہند کآدم ندارد

نہ شک اس میں کوئی کہ ہے ہند غالبؔ
وہ جنت جہاں قدرِ آدم نہیں ہے

مژدۂ صبح دریں تیرہ شبانم دادند
شمع کشتند و ز خورشید نشانم دادند

مژدۂ صبح، دروں تیرہ شباں دیتے ہیں
شمع گُل کرتے ہیں، سورج کا نشاں دیتے ہیں

رخ کشودند و لبِ ہرزہ سرایم بستند
دل ربودند و دو چشمِ نگرانم دادند

جلوہ دِکھلاتے ہیں، بے ہودہ دولب سیتے ہیں
چھینتے دل ہیں، دو چشمِ نگراں دیتے ہیں

سوخت آتش کدہ زآتش، نفسم بخشیدند
ریخت بت خانہ ز ناقوس، فغانم دادند

پھونک آتش کدہ، دیتے نفسِ سوزاں ہیں
توڑ کے بت، مجھے ناقوسِ فغاں دیتے ہیں

گہر از رایتِ شاہانِ عجم برچیدند
بہ عوض خامۂ گنجینہ فشانم دادند

گوہرِ پرچمِ شاہانِ عجم توڑتے ہیں
بہ عوض خامۂ گنجینہ فشاں دیتے ہیں

افسر از تارکِ تُرکانِ پشنگی بردند
بہ سخن ناصیۂ فرِّ کیانم دادند

بخشتے ہیں بہ سخن افسرِ توراں شاہی
شعر کو شوکتِ شاہانِ کیاں دیتے ہیں

گوہر از تاج گسستند و بدانش بستند
ہرچہ بردند بہ پیدا، بہ نہانم دادند

تاج سے توڑ کے دیتے ہیں گہر دانش کو
لیتے بے پردہ ہیں جو، کر کے نہاں دیتے ہیں

ہرچہ در جزیہ زگبراں مئے ناب آوردند
بہ شبِ جمعۂ ماہِ رمضانم دادند

لیتے بادہ جو ہیں جزیہ میں مغاں سے، مجھ کو
بہ شبِ جمعۂ ماہِ رمضاں دیتے ہیں

ہرچہ از دستگہِ پارس بہ یغما بردند
تا بنالم ہم ازآں جملہ زبانم دادند

لُوٹ کے لائے جو پارس سے ہیں اُس میں سے مجھے
بہرِ فریاد فقط ایک زباں دیتے ہیں

دل ز غم مردہ و من زندہ ہمانا ایں مرگ
بود ارزندہ بہ ماتم کہ امانم دادند

مرنے دیتے نہیں وہ اور قضا کو میری
کرنے ماتم کے لیے جائے اماں دیتے ہیں

تا کیم دُودِ شکایت ز بیاں بر خیزد
بزن آتش کہ شنیدن زمیاں بر خیزد

دُودِ شکوہ سے مکدر نہ بیاں ہو جائے
دل جلے ایسا کہ دفع اس سے دُھواں ہو جائے

می رمی از من و خلقے بہ گمان است ز تو
بے محابا شو و بنشیں کہ گماں بر خیزد

دُور رہنے سے ترے ہوئے ہے شک لوگوں کو
بے دھڑک آ کہ غلط ان کا گماں ہو جائے

گر دہم شرحِ عتابے کہ بہ دلہا داری
دُود از کارگہِ شیشہ گراں بر خیزد

ہو بیاں، ظلم جو تیرا دلِ عشاق پہ ہے
تو دھواں کارگہِ شیشہ گراں ہو جائے

با قدت، سرو چو شخصے ست کہ ناگہ یکبار
بے خود از جا ز ہجومِ خفقاں بر خیزد

آئے گلشن میں اگر، دیکھ کے قامت اسکی
سرو پہ طاری ہجومِ خفقاں ہو جائے

بچہ گیرند عیارِ ہوس و عشق دگر
رسمِ بیداد مبادا ز جہاں برخیزد

امتحانِ ہوس و عشق ہو کس طرح اگر
رسمِ بیداد سے آزاد جہاں ہو جائے

کُشتۂ دعوتِ پیدائیِ خویشیم ہمہ
وائے گر پردہ ازیں رازِ نہاں بر خیزد

کُشتۂ دعوتِ نیرنگیِ پیدائی ہوں
فاش یا رب نہ کہیں رازِ نہاں ہو جائے

زنہار از تعبِ دوزخِ جاوید مترس
خوش بہارے است کز وبیمِ خزاں برخیزد

آتشِ دوزخِ جاوید بنے، راحتِ دل
خوش بہاراں ہو جو ہمرنگِ خزاں ہوجائے

نالہ برخاست دمِ جستن از آتش زسپند
کوشگرفی کہ چو ما از سرِ جاں برخیزد

دانہ ہرمل کا ہو گر اک دلِ عاشق کی طرح
آگ میں جلنا اسے راحتِ جاں ہوجائے

عمرہا چرخ بگردد کہ جگر سوختۂ
چوں من از دودۂ آذر نفساں برخیزد

ہووے ناپیدا و عنقا وہ زمانے میں، اگر
پیدا مجھ جیسا کوئی شعلہ فشاں ہو جائے

گر دہم شرحِ ستم ہائے عزیزاں غالبؔ
رسمِ امید ہمانا ز جہاں برخیزد

گر کرے شرحِ ستم ہائے عزیزاں غالبؔ
رسمِ امید سے محروم جہاں ہو جائے

گویم سخنے گرچہ شنیدن نشناسد
صبح است شبم را کہ دمیدن نشناسد

کہتا ہوں میں ان سے جنہیں سننا نہیں آتا
میری شبِ ہجراں کو گزرنا نہیں آتا

از بند چہ بکشاید و از دام چہ خیزد
مائیم و غزالے کہ رمیدن نشناسد

ہے میرا غزال ایسا، نہیں آئے جسے رم
اور میں ہوں جسے دام بچھانا نہیں آتا

گوہر چہ شکایت کند از بے پر و بالی
مائیم و سرشکے کہ چکیدن نشناسد

گوہر کی ذرا دیکھ مرے بے پر و بالی
آنسو ہے مگر اس کو ٹپکنا نہیں آتا

ساقی چہ شگرفی کند و بادہ چہ تندی
خوں باد دماغے کہ رسیدن نشناسد

کیا تندیِ بادہ کرے، کیا غمزۂ ساقی
جب مست مرے مغز کو ہونا نہیں آتا

ما لذتِ دیدار بہ پیغام گرفتیم
مشتاقِ تو دیدن ز شنیدن نشناسد

پیغام میں ملتی ہے بہت لذتِ جلوہ
اے شوقِ نظارہ تجھے سننا نہیں آتا

بے پردہ شو از ناز و میندیش کہ ما را
چوں آئینہ چشمے است کہ دیدن نشناسد

بے باک ہو بے پردہ، نہ ڈر آنکھ سے میری
آئینہ ہے، جلوہ اسے کرنا نہیں آتا

بینم چہ بلا بر سرِ جیب و کفن آرد
دستے کہ بجز جامہ دریدن نشناسد

کیا حالِ کفن ہوگا میرے ہاتھ سے جب کچھ
جز جامہ دری اور اسے کرنا نہیں آتا

پیوستہ رواں از مژہ خونِ جگر ستم
رنگے است زخم را کہ پریدن نشناسد

مژگان سے بہہ بہہ کے مرے خوں نے کیا ہے
اک رنگِ رخ ایسا جسے اُڑنا نہیں آتا

شوقم مۓ گلگوں بہ سبوی زند امشب
پیمانہ ز ساقی طلبیدن نشناسد

خود شوق نے ڈالا ہے مرے، بادہ سبو میں
ساقی کا گلہ اب مجھے کرنا نہیں آتا

بالذتِ اندوہِ تو در ساختہ غالبؔ
گوئی ہمہ دل گشت و طپیدن نشناسد

جب سے، طلبِ لذتِ اندوہ میں غالبؔ
یکسر ہے بنا قلب، تڑپنا نہیں آتا

*

ہر دم ز نشاطم دلِ آزاد بجنبد
تا کیست دریں پردہ کہ بے باد بجنبد

کس سے مرا رقصاں دلِ ناشاد ہوا ہے
جنباں یہ کیوں اک پردۂ بے باد ہوا ہے

برہم زدنِ کارِ من آساں تر از آن ست
کز بادِ سحر طرۂ شمشاد بجنبد

درہم ہوا کیسے یہ مرا جذبۂ دل ہے
برہم جو کہیں گیسوئے شمشاد ہوا ہے

خواہم ز تو آزردگیِ غیر چو بستم
عرقِ حسدِ خاطرِ ناشاد بجنبد

کر یار کو بے گانہ رقیبوں سے خدایا
کہ رشک سے سوزاں دلِ ناشاد ہوا ہے

مُردم بہ دم و داغم از آں صید کہ در دام
لختے پئے مشغولیِ صیاد بجنبد

رشک آئے تڑپنے پہ کسی صید کے مجھ کو
بسمل جو بہ دلجوئیِ صیاد ہوا ہے

ہاں شیخِ پری خواں مئے گلگوں بقدح ریز
تا در نظرت بالِ پری زاد بجنبد

دیکھ آ کے تو میخانے میں اے شیخِ پری خواں
کیا شیشہ بہ پرتوئے پریزاد ہوا ہے

برقے بہ فشار آرم و ابرے بہ تراوش
زاں دشنہ کہ اندر کفِ جلاد بجنبد

دیتا ہے چمک برق کو اور ابر کو چھینٹا
وہ دشنہ جو اندر کفِ جلاد ہوا ہے

از رشک بہ خوں غلطم و از ذوق برقصم
زاں تیشہ کہ در پنجۂ فرہاد بجنبد

میں دیکھ کے غلطاں ہوں بخوں۔ رشک کا مارا
وہ تیشہ کہ در پنجۂ فرہاد ہوا ہے

اے آں کہ در اصلاحِ تو ہرگز نہ دہد سود
چوں طبعِ محبت را رگِ بیداد بجنبد

اصلاح تری کر نہیں سکتا کسی صورت
جس شوق سے تو مائل بیداد ہوا ہے

ق

ہر پویہ کہ گردِ دل آگاہ بگردد
ہر چارہ کہ در خاطرِ استاد بجنبد

ہر مایہ جو ہے خاطرِ آگاہ کے اندر
ہر چارہ جو اندر دلِ استاد ہوا ہے

وصلِ تو بہ نیروئے دعا نیست ازیں بعد
خوں باد زبانے کہ بہ اوراد بجنبد

بے کار ہیں سب میری دعائیں کہ نہ تجھ پر
کچھ بھی اثرِ تقویٰ و اوراد ہوا ہے

غالبؔ قلمت پردہ کشائے دمِ عیسیٰ است
چوں بر روشِ طرزِ خدا داد بجنبد

غالبؔ کے قلم میں دمِ عیسیٰ ہوا، جب بھی
وہ بر روشِ طرزِ خدا داد ہوا ہے

خوباں نہ آں کنند کہ کس را زیاں رسد
دل برد تا دگر چہ از آں دلستاں رسد

بدلے میں دل کے سود ملے یا زیاں ملے
جو بھی ملے درست ہے گر دلستاں ملے

دارد خبر دریغ و من از سادگی ہنوز
سنجم ہمی کہ دوست مگر ناگہاں رسد

خط سے اسے دریغ ہے، پھرتے ہیں در بدر
ہم سوچ کر کہ یار کہیں ناگہاں ملے

مقصودِ ما ز دیر و حرم جز حبیب نیست
ہر جا کنیم سجدہ بداں آستاں رسد

ہم ڈھونڈتے ہیں دیر و حرم میں حبیب کو
امید پر کہ یاں نہ ملے گر تو واں سے ملے

دُردی کشاں بہ مے کدہ در ہم فتادہ اند
نازم بخواریٔ کہ بہ من ایں میاں رسد

اُلجھے ہوئے ہیں دُرد کشاں بایک و دگر
خواری پہ کرتے ناز ہیں، جو درمیاں ملے

گم شد نشانِ من چو رسیدم بہ کنجِ دیر
مانندِ آں صدا کہ بگوشِ گراں رسد

گم جیسے ہووے جا کے صدا بہرے کان میں
اپنا بہ کنجِ دیر نہ کوئی نشاں ملے

در دام بہرِ دانہ نیفتم مگر قفس
چنداں کنی بلند کہ تا آشیاں رسد

آتے نہیں ہیں ہم کسی لالچ سے دام میں
جاتے قفس میں یوں ہیں کہ شاید اماں ملے

رفتم سوئے وے و مژہ اندر جگر خلید
زآں پیشتر کہ سینہ بہ نوکِ سناں رسد

کرتی ہے دُور ہی سے مژہ خونِ دل بہت
قبل اس کے میرا سینہ بہ نوکِ سناں ملے

تیرِ نخست را غلط انداز گفتہ ام
اے وائے گر نہ تیرِ دگر بر نشاں رسد

تیرِ نخست اک غلط انداز تھا ترا
اے وائے گر نہ تیرِ دگر بر نشاں ملے

اُمیدِ غلبہ نیست بہ کیشِ مغاں، در آ
مے گر بہ جزیہ دست نداد، ارمغاں رسد

فاتح نہیں تو کیشِ مغاں اختیار کر
جزیہ ملے تجھے نہ اگر، ارمغاں ملے

خوارم نہ آں چناں کہ دگر مژدۂ وصال
باور کنم اگر ہمہ از آسماں رسد

اتنے تو بے وقوف نہیں، مژدہ وصل کا
باور کریں اگر ہمیں از آسماں ملے

صاحبِ قرانِ ثانی اگر در جہاں نماند
گفتارِ من بہ ثانیِ صاحب قراں رسد

صاحب قرانِ شاہِ جہاں گر نہیں رہا
دادِ سخن ز ثانیِ صاحب قراں ملے

چوں نیست تابِ برقِ تجلی کلیم را
کے در سخن بہ غالبِ آتش بیاں رسد

اب طُور پر جو جلوۂ آذر فشاں نہیں
دیکھو کہیں جو غالبِ آتش بیاں ملے

عاشق کہ گفتی اش کہ برو ، زود میرود
نازم بخواجگی غضب آلود میرود

عاشق اٹھا کے در سے تو خوشنود ہے بہت
وہ جا رہا مگر غضب آلود ہے بہت

امشب بہ بزمِ دوست کسے نامِ ما نہ برد
گوئی سخن ز طالعِ مسعود میرود

ہو ذکر بزمِ یار میں میرا، تو کس لیے
واں تو بیانِ طالعِ مسعود ہے بہت

از نالہ ام مرنج کہ آخر شد است کار
شمعِ خموشم و ز سرم دُود میرود

فریاد سے نہ ڈر کہ وہ شمعِ خموش ہوں
شعلہ گیا ہے جس کا، رہا دُود ہے بہت

شادم بہ بزمِ وعظ کہ رامش اگرچہ نیست
بارے حدیثِ چنگ و نے وعود میرود

خوش ہوں کہ بزمِ وعظ میں نغمہ نہیں اگر
پھر بھی حدیثِ چنگ ونے وعود ہے بہت

فردوس جوئے عمر بہ وسواس دادہ را
سرمایہ نیز در ہوسِ سود میرود

سرمایہ عمرِ زاہدِ فردوس خواہ کا
کر دیتی رائیگاں ہوسِ سود ہے بہت

نخوت نگر کہ می خَلد اندر دلش زرشک
حرفے کہ در پرستشِ معبود میرود

سجدے میں دیکھ کر مجھے مسجد میں، یار کے
دل میں چبھے پرستشِ معبود ہے بہت

ما ہم بہ لاغ و لابہ تسلی شویم کاش
ناداں زبزمِ دوست چہ خوشنود میرود

لابہٗ یار سن کے نہ کیوں دل مرا ہوا
ناداں رقیب کی طرح خوشنود ہے بہت

رشکِ وفا نگر کہ بہ دعویٰ گہِ رضا
ہرکس چگونہ درپئے مقصود میرود

جوشِ وفا تو دیکھ، بہ دعویٰ گہِ رضا
انساں ہر ایک درپئے مقصود ہے بہت

ق

فرزند زیرِ تیغِ پدر می نہد گلو
گر خود پدر در آتشِ نمرود میرود

فرزند زیرِ تیغِ پدر سرنگوں ہے اور
دلکش پدر کو آتشِ نمرود ہے بہت

غالبؔ خوش است فرصتِ موہوم و فکرِ عیش
تارے کہ نیست درسرِ ایں پود میرود

غالبؔ نہ مانگ فرصتِ موہوم تو کہ جب
نازک ہے تار تیرا، تنک پود ہے بہت

دانست کز شہادتم امیدِ حور بود
برگشتنم ز دیں دمِ بسمل ضرور بود

کہتا ہے یار، تجھ کو تو امیدِ حور ہے
مذہب بدل اگر تجھے مرنا ضرور ہے

رفت آں کہ ما ز حسن مدارا طمع کنیم
سررشتہ درکفِ ارنی گوئے طُور بود

کیا حسن سے توقعِ جلوہ کروں کہ اب
موسیٰ ہے صاعقہ ہے شجر ہے نہ طُور ہے

مجرم منج رندِ انا الحق سرائے را
معشوقہ خود نما و نگہباں غیور بود

کیا ہے قصور رندِ انا الحق کا اس میں، جب
معشوق خود نما ہے، نگہباں غیور ہے

سالک، نگفتہ ایم کہ منزل شناس نیست
بے جادہ ماند راہ، از آں رُو کہ دُور بود

سالک، یہ مانا ہم نے کہ منزل شناس ہے
پیچیدہ راہِ عشق ہے، معشوق دُور ہے

نازم بہ امتیاز کہ بگذشتن از گناہ
با دیگراں زعفو، بما از غرور بود

کیا شانِ مغفرت ہے کہ آتا پسند اسے
گاہے کسی کا عجز ہے، گاہے غرور ہے

دردِ دلم بہ حشر ز شدت نہفتہ ماند
خوں باد نالۂ کہ ہم آہنگِ صور بود

شدت سے دردِ دل کو چھپاتا ہوں حشر میں
زار و نزار میں مرے آہنگِ صور ہے

دل از تو بود و توپئے الزامِ ما ز ما
بردی نخست آنچہ زجنسِ شعور بود

کھونے کا دل کو، جرم لگاتا ہے مجھ پہ وہ
لے جاتا چھین کے مری جنسِ شعور ہے

قطعِ پیام کردی و دانستم آشتی است
دلالہ خوبرُو و دلم ناصبور بود

قطعِ پیام تیرا بڑا امتحان تھا
دلالہ ہے حسیں، مرا دل ناصبور ہے

دادی صلائے جلوہ و غالبؔ کنارہ کرد
کُو بخشِش آں گدا کہ زغوغا نفور بود

سُن کے صلائے جلوہ ہے غالبؔ کنارہ کش
خلوت میں آکے رہتا وہ غوغا سے دُور ہے

زگرمیِ نگہت خونِ دل بجوشش آمد
زشادیِ ستمت سینہ در خروشش آمد

بہ گرمیِ نگۂ یار خوں میں جوشش آیا
بہ لطفِ جور و ستم سینہ در خروش آیا

بہ جاں نوید کہ شرم از میانۂ ہم رفت
بہ عیش مژدہ کہ وقتِ وداعِ ہوش آمد

بہ جاں نوید کہ شرمِ نگاہِ یار گئی
بہ عیش مژدہ کہ وقتِ وداعِ ہوش آیا

خیالِ یار در آغوشم آنچناں بہ فشرد
کہ شرم اشبم از شکوہ ہائے دوشش آمد

خیالِ یار یوں آغوش میں تھا آج کی شب
حجاب سوچ کے، صد شکوہ ہائے دوش آیا

بہ آستیں بہ فشان و بہ تیغ خوشش بردار
کہ جاں غبارِ تن و سر و بالِ دوشش آمد

اڑا دے تیغ سے سر، گرد جھاڑ کہ، بن کر
نفس، غبارِ تن و سر، وبالِ دوش آیا

فدائے شیوۂ رحمت کہ در لباسِ بہار
بہ عذر خواہیِ رندانِ بادہ نوشش آمد

فدائے شیوۂ رحمت، بہار بن کے وہ
بہ عذر خواہیِ رندانِ بادہ نوش آیا

ز وصلِ یار، قناعت کنوں بہ پیغامست
خزانِ چشم رسید و بہارِ گوشش آمد

وصال گر نہ سہی، یار کا پیام تو ہے
نشاطِ چشم رہی گر نہ، عیشِ گوش آیا

زمامِ حوصلہ نگرفتے و کوہکن جاں داد
چہ نرم شانہ گذشت و چہ سخت کوش آمد

زمامِ حوصلہ فرہاد چھوڑے، جاں دے دے
وہ ایسا دامِ رہائی میں سخت کوش آیا

ترا جمال و مرا مایۂ سخن سازی است
بہارِ زینتِ دکانِ گلفروشش آمد

ترے جمال سے، زیبائشِ سخن سے مری
دکاں سجا کے بہاراں میں گل فروش آیا

مپرس وجہِ سوادِ سفینہ ہا غالبؔ
سخن بمرگِ سخن رس، سیاہ پوشش آمد

نہ پوچھ وجہِ سیاہی بیاض کی غالبؔ
سخن، بمرگِ سخن داں سیاہ پوش آیا

✻

به عشق از دو جہاں بے نیاز باید بود
مجاز سوز، حقیقت گداز باید بود

به عشق از دو جہاں بے نیاز ہو جاؤ
مجاز سوز، حقیقت گداز ہو جاؤ

به جیبِ حوصله نقدِ حیات باید ریخت
به جانِ شکوہ تغافل طراز باید بود

متاعِ زندگی جرأت کی جیب میں رکھو
برائے شکوہ تغافل طراز ہو جاؤ

چو لب ز ہرزہ نوایانِ شوق نتواں شد
چو دل ز پردہ سرایانِ راز باید بود

مجالِ ہرزہ نوائیِ شوق لب کو نہ ہو
به عشق پردہ سرایانِ راز ہو جاؤ

چو بزمِ عشرتیاں تازہ رُو تواں جوشید
چو شمعِ خلوتیاں جاں گداز باید بود

ہو بزمِ عیش میں شب بھر شگفتہ و تازہ
برنگِ شمعِ سحر جاں گداز ہو جاؤ

کمر نهفته به تاراجِ خویش باید بست
شریکِ مصلحتِ سعیِ ناز باید بود

خود ہی لٹا کے خموشی سے جان و دل اپنے
شریکِ مصلحتِ سعیِ ناز ہو جاؤ

چو شوق بال کشاید، تواں بخود بالید
چو ناز جلوه گر آید، نیاز باید بود

اگر ہو شوق میں پرواز، فخر و ناز کرو
نمود و ناز ہو گر، صد نیاز ہو جاؤ

به صحنِ مے کده سرمست می تواں گردید
به کنجِ صومعه وقفِ نماز باید بود

به صحنِ مے کده سرشار و مست ہو بیٹھو
به کنجِ صومه وقفِ نماز ہو جاؤ

به خوں تپیدهٔ ذوقِ نگاه نتواں زیست
شہیدِ آں مژه ہائے دراز باید بود

نه خوں میں اپنا یوں ذوقِ نگاه تڑپاؤ
نثار بر مژه ہائے دراز ہو جاؤ

نگه ز دیدهٔ بیدار جو که سائل را
به گدیه طالبِ در ہائے باز باید بود

نگاهِ دیدهٔ بیدار کو تلاش کرو
فقیرِ بخششِ دَر ہائے باز ہو جاؤ

چه بر ز راحتِ آزادگی خوری غالبؔ
ترا به ایں ہمه با برگ و ساز باید بود

اگر ہو راحتِ آزادگی طلب غالبؔ
ہوس کو چھوڑ کے، بے برگ و ساز ہو جاؤ

❋

نفس از بیمِ خویت رشتۂ پیچیدہ را ماند
نگہ از تابِ رویت موئے آتش دیدہ را ماند

نفس تندی سے خو کی رشتۂ پیچیدہ ہووے ہے
نگہ تابش سے رخ کی موئے آتش دیدہ ہووے ہے

زجوشِ دل ہنوزش ریشہ در آب است، پنداری
بہ مژگاں قطرۂ خوں، غنچۂ ناچیدہ را ماند

جڑیں رہتی ہیں ڈوبی اسکی دل کے گریہ میں، جب بھی
مژہ پر قطرۂ خوں غنچۂ ناچیدہ ہووے ہے

زبس کز لالہ و گل حسرتِ نازِ تو می جوشد
خیاباں محشرِ دلہائے خوں گردیدہ را ماند

ہو جوشِ حسرتِ اندازِ جاناں دل میں جب پیدا
چمن اک محشرِ دلہائے خوں گردیدہ ہووے ہے

خوشا دلدادۂ چشمِ خودش بودن در آئینہ
ز سرگرمی نگہ، صیادِ آہو دیدہ را ماند

وہ دیکھے اپنی آنکھیں آئینے میں ہے اگر، اس کی
بہ سرگرمی نگہ، صیادِ آہو دیدہ ہووے ہے

غبار از جادہ تا اوجِ سپہرِ سادہ می بالد
زجوشِ وحشتم صحرا دلِ رنجیدہ را ماند

غبار آلود آہیں دشت کی جاتی فلک تک ہیں
وہ کچھ جوشِ جنوں سے یوں مرے رنجیدہ ہووے ہے

بہ ہر جا می خرامی جلوہ ات در ماست، پنداری
دل از آئینہ داری ہائے شوقت دیدہ را ماند

جہاں بھی تُو ہو، تیرا عکس ہر دم پاس رہتا ہے
دل اس آئینہ داری سے بمثلِ دیدہ ہووے ہے

چہ غم ز افتادگی ہا، چوں رواں پالاست اندوہت
تن از مستی بہ کویت جانِ آرامیدہ را ماند

جو ہوتا دل ہے غم سے تیرے ہم آغوش تو میرے
تنِ بدمست میں اک جانِ آرامیدہ ہووے ہے

بہار از رنگ و بو در پیشگاہِ جلوۂ نازش
گدایانِ نثار از رہگذر برچیدہ را ماند

بہار از رنگ و بو در پیشگاہِ جلوۂ جاناں
فقیروں کو نثارِ رہگذر برچیدہ ہووے ہے

شادم بہ خیالت کہ ز تابم بدر آورد
از کشمکشِ حسرتِ خوابم بدر آورد

ہیں محوِ تصور، تب و تاب ہم کو نہیں ہے
اب کشمکشِ حسرتِ خواب ہم کو نہیں ہے

فریاد کہ شوقِ تو بہ کاشانہ زد آتش
وانگاہ پئے بردنِ آبم بدر آورد

آتش تری اُلفت کی جلاتی تو ہے گھر کو
لانے کی اجازت مگر آب ہم کو نہیں ہے

رسوائیِ من خواست مگر کایں ہمہ سرمست
دورِ فلک از بزمِ شرابم بدر آورد

بدمست، فلک دیکھ کے، رسوائی کی خاطر
چھوڑے کبھی در بزمِ شراب ہم کو نہیں ہے

افگندہ بہ جیحوں فلک از وادی و شادم
کز پیچ و خمِ موجِ سرابم بدر آورد

خوش ہیں جو کیا غرق ہے دریا میں فلک نے
کچھ دشت کا اب خوفِ سراب ہم کو نہیں ہے

جاں بر سرِ مکتوبِ تو از شوق فشاندن
از عہدۂ تحریرِ جوابم بدر آورد

کر دی ہے بصد شوق فدا جاں ترے خط پہ
فکر اب رہی پڑھنے کی جواب ہم کو نہیں ہے

نازم بہ نگاہت کہ ز سرمستیِ انداز
از تفرقۂ مہر و عتابم بدر آورد

قربان نگہ پر ہیں کہ سرمستی سے اس کی
اب تفرقۂ مہر و عتاب ہم کو نہیں ہے

ساقی نگہے، تا بشناسم ز چہ جام است
آں بادہ کہ از بندِ حجابم بدر آورد

بادہ دیا ساقی نے کچھ ایسا جسے پی کر
آنکھوں میں رہا بندِ حجاب ہم کو نہیں ہے

نازم بہ گراں مائگیِ سعیِ تحیر
کز سرحدِ ایں دیرِ خرابم بدر آورد

خوش ہیں بہ گراں مائگیِ سعیِ تحیر
چھوڑے جو دروں دیرِ خراب ہم کو نہیں ہے

غالبؔ ز عزیزانِ وطن بودہ ام، اما
آوارگی از فردِ حسابم بدر آورد

غالبؔ تھے عزیزانِ وطن میں سے کبھی ہم
کرتا کوئی اب درجِ حساب ہم کو نہیں ہے

نفس بہ گردِ دل از مہرمی تپد بہ فراقت
چو طائرے کہ بہ سوزانی آشیانش و لرزد

نفس بہ تابِ دلِ زار و ناتواں، لرزے
پرند جس طرح جلنے سے آشیاں، لرزے

منم بہ وصل بہ گنجینہ راہ یافتہ دُزدے
کہ در ضمیر بود بیمِ پاسبانش و لرزد

خزانہ وصل کا پاکر ہوں دُزد کی مانند
جو سُن کے دُور سے آوازِ پاسباں، لرزے

زجنبشِ مژہ مانی دمِ نگہ بہ مستے
کہ بے ارادہ جہد تیر از کمانش و لرزد

کیا ہے جنبشِ مژگاں نے دل، وہ صید مرا
کھنچا جو دیکھ کے ناوک دروں کماں لرزے

زشیخ وجد بہ شوقِ نشاطِ نغمہ نیابی
مگر بہ دل گزرد مرگِ ناگہانش و لرزد

نہ آیا وجد میں ہے شیخ بے سبب، وہ تو
بہ خوفِ خطرۂ یک مرگِ ناگہاں لرزے

فغاں زخجلتِ صرافِ کم عیار کہ ناگاہ
بر آورند زرِ قلب از دکانش و لرزد

ملول دیکھ کے صرافِ کم عیار کو ہوں
جو رکھ کے سکۂ جعلی دروں دکاں لرزے

گر از فشاندنِ جاں شور نیست در سرِ غالبؔ
چرا بہ سجدہ نہد سر بر آستانش و لرزد

نہ جاں نثاری کا سودا اگر ہے غالبؔ کو
بنا کے قبلہ وہ کیوں اس کا آستاں، لرزے

✿

آنانکہ وصلِ یار ہمی آرزو کنند
باید کہ خویش را بگدازند و او کنند

لازم ہے، وصلِ یار کی جو آرزو کریں
پہلے وہ ترکِ تفرقۂ من و تو کریں

وقت است کز روانیِ مے ساقیانِ بزم
پیمانہ را حسابِ لبِ آب جو کنند

ہو خوب، گر روانیِ بادہ سے ساقیاں
ساغر کے لب کو ایک لبِ آب جو کریں

دیوانہ وجہِ رشتہ ندارد، مگر ہماں
تارے کشد زجیب کہ چاکے رفو کنند

دیوانگی ہے کیسی، گریباں ادھیڑ کر
دھاگے سے ہم ہیں بیٹھ کے دامن رفو کریں

خونِ ہزار سادہ بہ گردن گرفتہ اند
آنانکہ گفتہ اند نکویاں نکو کنند

گردن پہ اپنی لیتے ہیں سادہ دلوں کا خوں
کہتے ہیں جب وہ ان سے: نکویاں نکو کریں

لب تشنہ جوئے آب شمارد سراب را
می زیبد ار بہ ہستیِ اشیاء غلو کنند

لب تشنہ گر سراب میں دیکھے ہے آبِ جو
ہم بھی نہ کیوں، بہ ہستیِ اشیاء غلو کریں

پیمانہ را بہ ماتمِ صہبا نشاندن است
اے وائے گر زخاکِ وجودم سبو کنند

محروم بعدِ مرگ بھی مے سے رہوں گا میں
پیدا وہ چاہے خاک سے میری، سبو کریں

آلودۂ ریا نتواں بود غالبا
پاک است خرقۂ کہ بہ مے شست و شو کنند

غالب کبھی نہ ہوگا تو آلودۂ ریا
ہم تیرا خرقہ مے سے اگر شست و شو کریں

نہ از شرم است کز چشمِ وے آساں بر نمی آید
نگاہش با درازی ہائے مژگاں بر نمی آید

نہیں ہے شرم سے، جو چشمِ جاناں سے نہیں آتا
بصر باہر درازی ہائے مژگاں سے نہیں آتا

ازیں شرمندگی کز بندِ ساماں بر نمی آید
سرِ شوریدۂ ما از گریباں بر نمی آید

ہے کیونکہ ڈر لسے، سامانِ دنیا چھوڑنا ہوگا
نکل کے سر مرا باہر گریباں سے نہیں آتا

گر از رسوائیِ نازِ تو پروا نیست عاشق را
چرا دل خوں نمی گردد، چرا جاں بر نمی آید

نہ اس کو فکرِ رسوائیِ تری ہے گر، تو خونِ دل
بہ یکدم پھوٹ کر میری رگِ جاں سے نہیں آتا

بہ بزمِ سُوختن دُود از چراغاں بر نمی خیزد
بہ باغِ خوں شدن بو از گلُستاں بر نمی آید

ہے بزمِ سُوختن، دُودِ چراغاں پر نہیں اس میں
ہے باغِ خوں، شمامہ خوں کا پرواں سے نہیں آتا

سرت گردم بزن تیغ و درے بر روئے دل بکشا
دلم تنگ است کار از زخمِ پیکاں بر نمی آید

ترے قربان، سینہ چیر دے شمشیر سے مرا
فراخِ تنگیِ دل زخمِ پیکاں سے نہیں آتا

ہماں خوں کردن و از دیدہ بیروں ریختن دارد
دلے کز عہدۂ غم ہائے پنہاں بر نمی آید

بہت خوں ہو کے بہنا آنکھ سے، ہے دل کی قسمت میں
جو اس کو چھوٹنا غم ہائے پنہاں سے نہیں آتا

مگر آتش نفس دیوانۂ مژدا ز اسیرانت
کہ دُود از روزنِ دیوارِ زنداں بر نمی آید

مَرا دیوانۂ آتش نفس کیا قیدِ اُلفت میں
دھواں اب روزنِ دیوارِ زنداں سے نہیں آتا

چہ گیرائی است کایں تارِ زمو باریک تر دارد
کسے از دامِ ایں نازک میاناں بر نمی آید

گرفت ایسی کمر کی سخت، جو پکڑا گیا اس میں
وہ چھُٹ کے بندشِ نازک میاناں سے نہیں آتا

مجو آسودگی گر مردِ راہی ، کاندریں وادی
چو خار از پا برآمد ، پا ز داماں بر نمی آید

نہ مردِ راہ کو آرام ہے کوئی کہ پا اس کا
نہ اُلجھے خار سے گر، چھپٹ کے داماں سے نہیں آتا

برم پیشِ کہ یارب شکوۂ اندوہِ دل تنگی
نفس چندانکہ می نالم پریشاں بر نمی آید

کروں کس سے میں یارب شکوۂ اندوہِ دل تنگی
گھٹن میں، سانس بیروں دل کے زنداں سے نہیں آتا

بدوشِ خلق نعشم عبرتِ صاحبدلاں باشد
بپائے خود کسے از کوئے جاناں بر نمی آید

بدوشِ خلق میری نعش ہو عبرت حریفوں کو
کوئی خود چل کے باہر کوئے جاناں سے نہیں آتا

برآر از بزمِ بحث اے جذبۂ توفیق غالبؔ را
کہ تُرکِ سادۂ ما با فقیہاں بر نمی آید

چھڑا اس بحث سے اے جذبۂ توفیق غالبؔ کو
کہ بچ کے اس سا سادہ دل فقیہاں سے نہیں آتا

چہ عیش از وعدہ چوں باور زعنوانم نمی آید
بہ نوعے گفت می آیم کہ میدانم نمی آید

سکوں دل کو ترے آنے کے پیماں سے نہیں ہوتا
کرے جیسے ہے تو، مجھ کو یقیں ہاں سے نہیں ہوتا

بہ ویرانی خوشم لیکن جہاں چوں بے تو ویراں است
اگر باشم بہ چیں، یاد از بیابانم نمی آید

ہوں ویرانی پسند اور بن ترے دنیا جو ویراں ہے
سکوں دل میں ذرا بھی اس بیاباں سے نہیں ہوتا

گذشتم زانکہ بر زخمِ دلِ صد پارہ، خوں گرید
خود او را خندہ بر چاکِ گریبانم نمی آید

ہو کیا امیدِ دلجوئی، کچھ ایسی بے نیازی ہے
وہ شاداں بھی مرے چاکِ گریباں سے نہیں ہوتا

روش نگستہ و در سایۂ دیوار ننشستہ
بہ کوشش رشک بر مہرِ درخشانم نمی آید

نہ کوئے یار میں جس کو ملے دیوار کا سایہ
مجھے رشک ایسے اک مہرِ درخشاں سے نہیں ہوتا

دعائے خیر شد در حقِ من نفریں بجاں کردن
زنفریں لبکہ می رنجد، بلب جانم نمی آید

دعائے خیر کرنی ہو تو مرنے کی دُعا کیجے
کہ عالم ہے نزع کا تن جدا جاں سے نہیں ہوتا

از آں بدخو ندانم، چوں دہد دلالہ در پیدا
نویدے کز نوازش ہائے پنہانم نمی آید

پیامِ مہر سے تسکیں ہو کیسے یارِ بدخُو کے
یقیں جبکہ نوازش ہائے پنہاں سے نہیں ہوتا

بہ راہِ کعبہ زادم نیست، شادم کز سبکباری
بہ رفتن پائے بر خارِ مغیلانم نمی آید

نہیں زادِ رہِ کعبہ، کچھ ایسی ہے سبکباری
کہ جھگڑا اب کسی خارِ مغیلاں سے نہیں ہوتا

دلش خواہد کہ تنہا سوئے من رُو آوَرَد لیکن
فریبِ ہمرہاں دانم زنادانم نمی آید

بِنا دھوکہ دیئے دشمن کو، مجھ سے مل نہیں سکتا
مگر یہ کام اس اک یارِ ناداں سے نہیں ہوتا

دبیرم، شاعرم، رندم، ندیم شیوہ ہا دارم
گرفتم، رحم بر فریاد و افغانم نمی آید

دبیر و رند و شاعر ہوں، نہیں کچھ اور گر ہوں میں
ملائم دل ترا، مانا کہ افغاں سے نہیں ہوتا

شود برہم دلے نہ زمہر، پندارد کہ در خوابم
شبے کآوازِ نالیدن ز زندانم نمی آید

وہ برہم سوچ کے ہوتا ہے، شاید سو گیا قیدی
بلند اک شورِ نالہ جب کہ زنداں سے نہیں ہوتا

ندارم بادہ غالبؔ گر سحر گاہش سرِ راہے
بہ بینی مست، دانی کز شبستانم نمی آید

وہ آغوشِ عدو میں سویا ہوگا ورنہ اے غالبؔ
نکل کے مست یوں وہ ہر شبستاں سے نہیں ہوتا

❋

چوں بپوئی بہ زمیں، چرخ زمینِ تو شود
خوش بہشتے است کہ کس راہ نشینِ تو شود

بہرِ پابوسی تری، چرخ زمیں ہوتا ہے
شاد یہ دیکھ کے ہر راہ نشیں ہوتا ہے

لبم از نامِ تو آں مایۂ پُر استے کہ اگر
بوسہ بر غنچہ زنم، غنچہ نگینِ تو شود

پُر ترے نام سے یوں ہیں مرے لب، گر چوموں
لبِ غنچہ پہ ترا نام نگیں ہوتا ہے

چوں بہ سنجد کہ نہ آن است بکاہد از شرم
ماہ یکچند ببالد کہ جبینِ تو شود

چاند گر چاہے کہ بن جائے حسیں تجھ جیسا
دیکھ کر بیش خجل تیری جبیں ہوتا ہے

صد قیامت بگدازند و بہم آمیزند
تا خمیرِ دلِ ہنگامہ گزینِ تو شود

صد قیامت کو ملاتے ہیں، ترا جا کر تب
اک خمیرِ دلِ ہنگامہ گزیں ہوتا ہے

تابِ ہنگامۂ درد آرم و گویم ہیہات
چہ کنم تا غمِ ہجرِ تو یقینِ تو شود

خاک ہو جاتا ہوں جل جل کے غمِ ہجر ہیں، پر
کسی صورت نہ لسے اس کا یقیں ہوتا ہے

بہ سخن پیچم و اندوہ گسارش گردم
برم از غیر دلے را کہ حزینِ تو شود

صد غلو کر کے سناتا ہوں حکایاتِ ستم
تب کہیں جا کے دلِ غیر حزیں ہوتا ہے

جلوہ جز در دلِ آگاہ سرایت نکند
من در آتش فتم از ہر کہ قرینِ تو شود

جلوہ کرتا ہے سرایت دل آگاہ میں بس
دُور عرفاں سے عدو، تیرے قریں ہوتا ہے

چشم و دل باختہ ام، دادِ ہنر خواہد داد
آں کہ چوں من ہمہ دان و ہمہ بینِ تو شود

کھووے ہے دیدہ و دل اپنے وہ میری مانند
جو بھی تیرا ہمہ دان و ہمہ بیں ہوتا ہے

کفر و دیں چیست جز آلائشِ پندارِ وجود
پاک شو پاک کہ ہم کفرِ تو دینِ تو شود

کفر و دیں کچھ نہیں، آلائشِ پندار ہے سب
ہووے جو پاک، اسے کفر بھی دیں ہوتا ہے

دوزخِ تافتۂ ہست نہادت غالبؔ
آہ زاں دم کہ دمِ بازپسینِ تو شود

جب ترے سانس میں ہے آتشِ دوزخ غالبؔ
آہ وہ دم کہ دمِ بازپسیں ہوتا ہے

دیگر از گریہ بدل رسمِ فغاں یاد آمد
رگِ پیمانہ زدم ، شیشہ بفریاد آمد

شب جو ساقی کو مرا طورِ فغاں یاد آیا
فصدِ پیمانہ کھلی ، شیشہ بفریاد آیا

دل در افسرو ختنش منتِ دامن نکشید
شادم از آہ کہ ہم آتش و ہم باد آمد

سوختہ دل مرا منت کشِ داماں نہ ہوا
مرحبا سانس تو با آتش و با باد آیا

تا نہ دانی جگرِ سنگ کشودم ہدر است
تیشہ داند کہ چہا بر سرِ فرہاد آمد

چیرنا تیشے کو کافی نہ دلِ سنگ ہوا
جب نہ پتھر پہ گرا ، بر سرِ فرہاد آیا

داغم از گرمیِ شوقِ تو کہ صدرہ بہ دلم
ہمچناں بر اثرِ شکوۂ بیداد آمد

سوختہ کرنے اسے ، عشق بصد رہ دل میں
باوجودِ اثرِ شکوۂ بیداد آیا

خیزد در ماتمِ ما سُرمہ فروشوے زچشم
وقتِ مشاطگیِ حسنِ خدا داد آمد

میرے ماتم میں بہا آنکھ سے سرمہ کہ ترا
وقتِ مشاطگیِ حسنِ خُدا داد آیا

رفتہ بودی دگر از جا بہ سخن سازیِ غیر
منت از بخت کہ خاموشیِ ما یاد آمد

دیکھ کے شورش و واویلا و غوغائے عدو
شکرِ ایزد کہ اسے ضبط مرا یاد آیا

خشک و تر سوزیِ ایں شعلہ تماشا دارد
عشق یک رنگ کنِ بندہ و آزاد آمد

دید پَر ریختہ و از قفسم کرد آزاد
رحم در طینتِ ظالم ستم ایجاد آمد

بر درِ یار چہ غوغاست ، عزیزاں بر دید
خوں بہا مزدِ سبکدستیِ جلاد آمد

دادہ خونیں نفسی درسِ خیالم غالبؔ
رنگ بر روئے من از سیلیِ استاد آمد

خشک و تر سوزیِ شعلہ کا تماشا دیکھو
عشق یک رنگ کئے بندہ و آزاد آیا

بے پر و بال مجھے دیکھ کے ، آزاد کیا
قلب میں رحم بھی اس کے ستم ایجاد آیا

بے اذیت جو مجھے قتل کیا تو اس کو
کتنا غصہ بہ سبکدستیِ جلاد آیا

جب دیا درس تجھے خوں نفسی نے غالبؔ
رنگ چہرے پہ بیک سیلیِ استاد آیا

دوش کز گردشِ بختم گلہ بر روئے تو بود
چشم سوئے فلک و روئے سخن سوئے تو بود

گلۂ بخت کیا میں نے جو بر روئے تو
چشم تھی سوئے فلک، روئے سخن سوئے تو

آنکہ شب شمع گماں کردی و رفتی بہ عتاب
نفسم پردہ کشائے اثرِ خوئے تو بود

تو سمجھتا تھا جسے شمعِ شبستاں میری
آہ تھی ایک، تھا جس پر اثرِ خوئے تو

چرخِ کج باخت بہ من، در خمِ دامِ تو فگند
نعلِ واژونِ بلا حلقۂ گیسوئے تو بود

چل گیا چال فلک، ڈال دیا اس نے مجھے
دامِ پیچاں میں جو ہے حلقۂ گیسوئے تو

دوست دارم گرہے را کہ بکارم زدہ اند
کایں ہمانست کہ پیوستہ در ابروئے تو بود

میرے کاموں میں جو ڈالی ہے گرہ قسمت نے
مجھ کو پیاری ہے کہ ہے صورتِ ابروئے تو

چہ عجب صانع اگر نقشِ دہانت گم کرد
کو خود از حیرتیانِ رخِ نیکوئے تو بود

گم کیا نقشِ دہن تیرا اگر خالق نے
وہ بھی حیراں تھا بنا کے رخِ نیکوئے تو

شب چہ دانی، ز تو در بزم بہ خوباں چہ گزشت
خاصہ بر صدر نشینے کہ بہ پہلوئے تو بود

دیکھ کے بزم میں بدحال تھے خوباں تجھ کو
خاص کر صدر جو بیٹھا تھا بہ پہلوئے تو

مُردن و جاں بہ تمنائے شہادت دادن
ہم ز اندیشۂ آزردنِ بازوئے تو بود

مرگیا لے کے تمنائے شہادت دل میں
مجھ کو منظور نہ تھی زحمتِ بازوئے تو

خُلد را از نفسِ شعلہ فشاں می سوزم
تا ندانند حریفاں کہ سرِ کوئے تو بود

نفسِ شعلہ فشاں سے میں جلاتا ہوں بہشت
تا سمجھ بیٹھیں حریفاں نہ اسے کوئے تو

روشِ بادِ بہاری بہ گمانم افگند
کایں گل و غنچہ پئے قافلۂ بوئے تو بود

روشِ بادِ بہاری سے مجھے لگتا ہے
ہیں گل و غنچہ پئے قافلۂ بوئے تو

بہ کفِ باد مباد ایں ہمہ رسوائیِ دل
کآخر از پردگیانِ شکنِ موئے تو بود

مشکبو کر کے صبا، دل کی نہ کر رسوائی
کہ یہ ہے قیدیِ پیچ و خمِ گیسوئے تو

لالہ و گل دمد از طرفِ مزارش پسِ مرگ
تا چہا در دلِ غالبؔ ہوسِ روئے تو بود

اک ہجومِ گل و لالہ ہے لحد پر اس کی
دلِ غالبؔ میں تھی ایسی ہوسِ روئے تو

گر چنین نازِ تو آمادہ یغما ماند
بہ سکندر نہ رسد ہرچہ ز دارا ماند

تو اگر ناز سے آمادۂ یغما ہووے
تیرے پاؤں کے تلے دولتِ دارا ہووے

دل و دینے بہ بہائے تو فرستم حاشا
وام گیر آنچہ ز بیعانۂ سودا ماند

دل و دیں جب دیئے قیمت میں تو ہنس کے بولا
کچھ بھی کافی نہ یہ بیعانۂ سودا ہووے

ہم بہ سودائے تو خورشید پرستم آرے
دل ز مجنوں برد آہو کہ بہ لیلیٰ ماند

مجھ کو خورشید ہے چہرہ ترا، چشمِ آہو
جیسے مجنوں کے لیے دیدۂ لیلیٰ ہووے

با وجودِ تو دم از جلوہ گری نتواں زد
در گلستانِ تو طاؤس بہ عنقا ماند

تُو ہے موجود مگر جلوے سے محروم ہوں میں
وائے گلشن جہاں طاؤس بھی عنقا ہووے

شکوۂ دوست ز دشمن نتوانم پوشید
گر غمِ ہجر چنیں حوصلہ فرسا ماند

شکوۂ یار کو دشمن سے چھپائیں کیسے
یوں غمِ ہجر اگر حوصلہ فرسا ہووے

سازِ آوازۂ بدنامیِ رہزن شدن است
آہ از آں خستہ کہ از پویہ بہ رہ واماند

سازِ آوازۂ بدنامیِ رہزن ہے وہ
راہرو تھک کے جو اک راہ میں بیٹھا ہووے

بندۂ را کہ بفرمانِ خدا راہ رود
نگذارند کہ در بندِ زلیخا ماند

بندہ چلتا ہے جو فرمانِ خداوندی پر
وہ کبھی قید نہ در بندِ زلیخا ہووے

مہ بباغ از افقِ سرو شبے کرد طلوع
سرو گفتند و بداں ماہ سراپا ماند

چاند نکلا افقِ سرو سے ہے باغ میں یوں
بزم میں جیسے کوئی ماہ سراپا ہووے

بعدِ صد شکوہ بہ یکِ عذر تسلی نہ شوم
کایں چنیں مہر ز سردی بہ مدارا ماند

بعدِ صد شکوہ بہ یک عذر تسلی نہ ہوئی
سرد مہری کا تری یوں نہ مداوا ہووے

در بغل دشنہ نہاں ساختہ غالبؔ امروز
مگذارید کہ ماتم زدہ تنہا ماند

آج غالبؔ جو ہے پہلو میں چھپائے دشنہ
دیکھنا یہ نہ کہیں غم زدہ تنہا ہووے

در کلبۂ ما از جگرِ سوختہ بو برد
با ما گلہ سنجید و شماتت بہ عدو برد

آتی جو اُسے سوختہ دل کی مرے بو ہے
حالت سے مری کرتا وہ آگاہ عدو ہے

خواہم کہ برد نالہ غبارم ز دلِ دوست
چوں گریہ تنِ زارِ مرا زآں سرِ کو برد

ہو بات، وہ گر دل کی کدورت تری دھوئے
گریہ جو مجھے لاتا بہا کے سرِ کو ہے

ہمرہ رودش کوثر و حوراں کہ دمِ مرگ
ذوقِ مئے ناب و ہوسِ روئے نکو برد

ہیں قبر میں بھی کوثر و حوراں اسے، جس کو
ذوقِ مئے ناب و ہوسِ روئے نکو ہے

بستند رہِ جرعۂ آبے بہ سکندر
دریوزہ گرِ مے کدہ صہبا بہ کدو برد

قطرہ نہ ملا ایک سکندر کو بھی جس کا
وہ آب فقیروں کو دیا بھر کے سبو ہے

دی رند بہ ہنگامہ خجل کرد عسس را
مے خورد و ہم از مے کدہ آبے بہ سبو برد

شرمندہ کیا رند نے کل رات عسس کو
پی کے، وہ گیا لے کے جو پُر مے سے سبو ہے

بر ما غمِ تیمارِ دلِ زار سر آمد
دیوانۂ ما را صنمِ سلسلہ مو برد

غم خواری سے فرصت ہے دلِ زار کی ہم کو
وہ جب سے اسیرِ صنمِ سلسلہ مو ہے

دلدارِ تو ہم چوں تو فریبندہ نگارے است
در حلقۂ وفا یک دلم آورد، دو رُو برد

دلبر ترا اے دوست ہے کچھ ایسا فریبی
آئے یہاں یک دل ہے، تو جائے وہ دو رُو ہے

یک گریہ پس از ضبطِ دو صد گریہ رضا دہ
تا تلخیِ آں زہر توانم ز گلو برد

آنسو میں بہانے کے اجازت مجھے ملتی
یہ زہر، کرے ضبط میں جو تلخ گلو ہے

نازد بہ نکویاں بہ گرفتاریِ غالبؔ
گوئی بہ گرو برد دلے را کہ ازو برد

ہے ناز حسینوں میں اُسے زُلف پہ اپنی
جب سے ہوئی غالبؔ کی گرفتاریِ مو ہے

ناداں صنمِ من روشِ کار نداند
بر ہر کہ کند رحم، سر از بار نداند

ناداں ہے مرا بت، روشِ کار نہ جانے
کرنے میں کرم فرقِ سر و بار نہ جانے

بے دشنہ و خنجر نبود معتقدِ زخم
دلہائے عزیزاں بہ غم افگار نداند

ہے معتقدِ دشنہ و خنجر وہ کچھ ایسا
غم کیسے کرے دل کو ہے افگار نہ جانے

بر تشنہ لبِ بادیہ سوزد دلش از مہر
اندوہِ جگر تشنۂ دیدار نداند

تشنہ لبِ صحرا پہ کرے رحم مگر وہ
اندوہِ دلِ تشنۂ دیدار نہ جانے

گویم سخن از رنج و بہ راحت کندش طرح
روزِ سیہ از سایۂ دیوار نداند

ہے رنج بھی راحت اسے، سادہ ہے کچھ ایسا
روزِ سیہ از سایۂ دیوار نہ جانے

دل را بہ غم آتش کدۂ راز نہ سنجد
دم را بہ تفِ نالہ شرر بار نداند

آتش کدۂ راز کا کچھ علم نہ اس کو
کچھ وہ مری فریادِ شرر بار نہ جانے

عنوانِ ہوا داریِ احباب بہ بیند
پایانِ ہوسناکیِ اغیار نداند

عنوانِ ہوا داریِ احباب نہ دیکھے
پایانِ ہوسناکیِ اغیار نہ جانے

دشوار بود مردن و دشوار تر از مرگ
آنست کہ من میرم و دشوار نداند

دشوار ہے مرنا تو ہے دشوار تر اس سے
مرنے کو اگر وہ مرے دشوار نہ جانے

دانم کہ ندانست و ندانم کہ غمِ من
خود کمتر از آن است کہ بسیار نداند

وہ جانتا غم ہے نہ مرا، میں بھی نہ جانوں
گزرا ہے غم اس حد سے کہ بسیار نہ جانے

از ناکسیِ خویش چہ مقدار عزیزم
در عربده خوارم کنند و خوار نداند

آئی ہے پسند اس کو مری ناکسی ایسی
کر کے وہ مجھے خوار بھی، کچھ خوار نہ جانے

گردم سرِ آوازۂ آزادگیِ خویش
صد رہ نهدم بند و گرفتار نداند

مشہور ہے آزادگی کچھ ایسی، کوئی بھی
ہوں قید مگر مجھ کو گرفتار نہ جانے

فصلے ز دل آشوبیِ درماں بسرائید
تا چند بخود پیچم و غمخوار نداند

خوش ہوں کہ مرے درد کا درماں نہیں کوئی
اور دل کی تڑپ بھی مری غم خوار نہ جانے

پیمانہ بر آں رند حرام است کہ غالبؔ
در بے خودی اندازۂ گفتار نداند

اس رند کو پیمانہ مناسب نہیں غالبؔ
مستی میں جو اندازۂ گفتار نہ جانے

خوشم کہ گنبدِ چرخِ کہن فرو ریزد
اگرچہ خود ہمہ برفرقِ من فرو ریزد

ہو خوب، فتنہ جو چرخِ کہن سے گر جائے
وہ گرچہ سر پہ مرے شوخ پن سے گر جائے

بریدہ ام رہِ دُورے کہ گر بیفشانم
بجائے گرد، رواں از بدن فرو ریزد

میں چل کے دُور سے آیا ہوں اتنی، گر جھاڑوں
بجائے گرد، مری جاں بدن سے گر جائے

ز جوشِ شکوۂ بیدادِ دوست می ترسم
مبادا مُہرِ سکوت از دہن فرو ریزد

ہے جوشِ گریۂ بیدادِ یار سے خطرہ
کہیں نہ مُہرِ خموشی دہن سے گر جائے

مرا چہ قدر بکوئے کہ نازنیناں را
غبارِ بادیہ از پیرہن فرو ریزد

ہو قدر کیا مری اس کوُ میں، یاں اگر جھاڑو
غبار یار کے بھی پیرہن سے گر جائے

مکن بہ پرسشم از شکوہ منع کیں خونے است
کہ خود ز زخمِ دمِ دوختن فرو ریزد

نہ حال پوچھ کہ شکوہ ہمارا بن کے خوں
کہیں نہ بخیۂ زخمِ کہن سے گر جائے

بمن بساز و بداں غمزہ مے بجام مریز
کہ ہوشم از سر و تابم ز تن فرو ریزد

سنبھال مجھ کو، نہ غمزے سے یوں پلا کہ کہیں
نہ ہوش سر سے مرے، تاب تن سے گر جائے

بہ ذوقِ بادہ کہ بس آب در دہن گردد
مئے ناخوردہ مرا از دہن فرو ریزد

بھرا ہے پانی مرے منہ میں ذوقِ بادہ سے
نخوردہ مے نہ کہیں یہ دہن سے گر جائے

بترس زانکہ بہ محشر ز طرۂ طرار
دلِ شکستہ ام از ہر شکن فرو ریزد

ہے خوفِ طرۂ طرار یہ، قیامت میں
دلِ شکستہ نہ اس کی شکن سے گر جائے

رواست غالبؔ اگر درِ قائلش گوئی
کہ از لبش ز روانی سخن فرو ریزد

روا ہے تجھ کو بھی غالبؔ وہ بات، یار کے جو
اگر بہ جوشِ روانی، دہن سے گر جائے

اگر بہ دل نہ خلد ہر چہ از نظر گذرد
خوشا روانیِ عمرے کہ در سفر گذرد

اگر نہ دل میں چبھے، جو بھی از نظر گزرے
خوشا، روانیِ عمرے کہ در سفر گزرے

بوصلِ لطف باندازۂ تحمل کن
کہ مرگِ تشنہ بود آب چوں ز سر گذرد

بوصل لطف باندازۂ تحمل کر
کہ تشنہ غرق ہو سر پہ سے آب گر گزرے

ہلاکِ نالۂ خویشم کہ در دلِ شب ہا
دَود بہ عربدہ چندانکہ از اثر گذرد

ہلاکِ نالہ ہوں اپنا کہ ہجر میں شب بھر
جھگڑ جھگڑ کے مری دل سے رات بھر گزرے

ازیں آریب نگاہاں حذر کہ ناوکِ شاں
بر ہر دلے کہ رسد راست از جگر گذرد

بچائے تیرسے ترچھی نظر کے مجھ کو خدا
جگر میں جا کے رکے، دل سے یہ اگر گزرے

نفس ز آبلہ ہائے دلم بر آرد سر
چناں کہ رشتہ درآمودن از گہر گذرد

نفس ابھرتا ہے یوں دل کے آبلوں سے مرا
کہ تار جیسے پروتا ہوا گہر گزرے

حریفِ شوخیِ اجزائے نالہ نیست شرر
کہ آں بروں جہد و ایں ز خارا در گذرد

حریفِ شوخیِ اجزائے نالہ ہے نہ شرر
وہ بھاگے سنگ سے، یہ اس میں بے خطر گزرے

کند خدنگِ تو قطعِ خصومتِ من و غیر
مرا خود از دل و او را ہم از نظر گذرد

یوں مجھ میں، غیر میں کرتا ہے فرق تیر ترا
لگے نہ اس کو، مرا چیر کر جگر گزرے

ز شعلہ خیزیِ دل بر مزارِ ما چہ عجب
کہ برق، مرغِ ہوا را ز بال و پر گذرد

ہے شعلہ خیزیِ دل مر کے بھی نہ برق سے کم
جلا کے مرغِ ہوا کے یہ بال و پر گزرے

شکستِ ما بہ عدم نیز ہمچناں پیداست
بہ صورتِ سرِ زلفے کہ از کمر گذرد

شکست میری عدم میں ہے پیچ و خم سے بھری
بہ صورتِ سرِ زلفے کہ از کمر گزرے

خوشا گلے کہ بہ فرقِ بلند بالائیت
دمد ز شاخ و ازیں سبز کاخ در گذرد

خوشا وہ گل جو ہے زلفِ بلند بالا میں
ابھر کے خاک سے کیسے یہ عرش پر گزرے

دماغِ محرمیِ دل رساندن آساں نیست
چہا کہ بر سرِ خارا ز شیشہ گر گذرد

نہیں ہے آشنا عرفانِ دل سے ہونا سہل
بدستِ شیشہ گراں کیا نہ سنگ پر گزرے

حریفِ منتِ احباب نیستم غالبؔ
خوشم کہ کارِ من از سعیِ چارہ گر گذرد

حریفِ منّتِ احباب میں نہیں غالبؔ
خوش ہوں کہ زندگی بے سعیِ چارہ گر گزرے

٭

شوخیِ چشمِ حبیب فتنۂ ایام شد
قسمتِ بختِ رقیب گردشِ صد جام شد

شوخیِ چشمِ حبیب اک فتنۂ ایام ہے
قسمتِ عاشق کو دیتی گردشِ صد جام ہے

تا تو با عزمِ حرم ناقہ فگندی بہ راہ
کعبہ ز فرشِ سیاہ مردمک احرام شد

کرتا جب عزمِ حرم ہے وہ، تو سن کے یہ خبر
بہرِ استقبال کعبہ باندھتا احرام ہے

پیچ و خمِ دستگاہ کرد فزوں حرص و جاہ
ریشہ چوں آمد بروں، دانۂ ما دام شد

پیچ و خم دولت کے کرتے ہیں فزوں حرص و ہوس
پھیلتا جب گِر کے دانہ ہے تو بنتا دام ہے

ہست تفاوت بسے ہم ز رطب تا نبیذ
لذتِ دیگر دہد بوسہ چو دشنام شد

ذائقہ خرمے کا جیسے ہو فزوں بننے سے مے
دیوے لذت بیش بوسہ جب بنے دشنام ہے

اے کہ ترا خواستم لب ز مکیدن فگار
خود لبم اندر طلب خستۂ ابرام شد

کرنا زخمی چاہتا تھا لب میں تیرا چوم کر
میرا لب لیکن ہوا خود خستۂ ابرام ہے

گر ہمہ مہری برو در ہمہ چشمی بخسپ
صبحِ امیدِ مرا روزِ سیہ شام شد

ماہ رخ تیرا ہے مانا، چشم پُر افسوں سہی
پر سیہ روزی مری کرتی سحر کو شام ہے

ساده دلم در اُمید، خشمِ تو گیرم به مہر
بوسه شود در لبم ہر چہ از پیغام شد

ساده دل ہوں، دیکھتا ہوں قہر میں تیرے کرم
بوسہ بن جاتی لبوں پر تلخیِ پیغام ہے

ہمچو خسے کش شرر چہرہ کشائی کند
صورتِ آغازِ ما معنیِ انجام شد

آگ بن جانے سے پہلے ہیچ جیسے خس لگے
صورتِ آغاز میری معنیِ انجام ہے

دیگرم از روزگار شکوہ چہ درخور بود
نالہ شرر تاب شد، اشک جگر فام شد

شکوہ کرنے سے زمانے کا نہیں کچھ فائدہ
نالہ آتش بار ہے اور اشک آتش فام ہے

اے شدہ غالبؔ ستاے، دشمنیِ بخت بیں
خود صفتِ دشمن است آنچہ مرا نام شد

کہتا غالبؔ ہے مجھے تُو، دیکھ ظلمِ بخت کو
ہے صفت دشمن کی، میرا تو فقط یہ نام ہے

نیست وقتے کہ بہ ما کاہشے از غم نرسد
نوبتِ سوختنِ ما بہ جہنّم نرسد

ہے گھڑی کوئی کہ سوزش نہ ملے، غم نہ ملے
ہم میں ہے آگ وہ، جو تجھ میں جہنّم نہ ملے

دُوریِ درد ز درماں نشناسی، ہشدار
کز طپیدن دلِ افگار، بہ مرہم نرسد

دلِ افگار کو ہے دُوریِ درماں ایسی
جس قدر چاہے وہ تڑپے، اسے مرہم نہ ملے

مے بہ زہّاد مکن عرض کہ ایں جوہرِ ناب
پیشِ ایں قوم بہ شورابۂ زمزم نرسد

زاہدوں کو نہ پلا مے کہ نہیں جا سکتی
تشنگی ان کی، جو شورابۂ زمزم نہ ملے

خواجہ فردوس بہ میراث تمنّا دارد
وائے گر در روشِ نسل بہ آدم نرسد

کرتے یہ لوگ ہیں میراث میں جنّت کی طلب
کیا ہو، شیخوں کو اگر نسل بہ آدم نہ ملے

صلہ و مزد مپندیش کہ در ریزشِ عام
لالہ از داغ و گل از چاک، بہ شبنم نرسد

ہے یہ سب اس کا کرم ورنہ تو بے فیضِ خدا
داغِ لالہ کو ذرا بخششِ شبنم نہ ملے

بہرہ از سرخوشیم نیست، دماغم عالی است
بادہ گر خود بود از مے کدۂ جم نرسد

ملی ایسی ہے مجھے عالی دماغی کہ مرے
دل کو تسکیں بہ مئے مے کدۂ جم نہ ملے

ہر چہ بینی بہ جہاں حلقۂ زنجیرے ہست
ہیچ جا نیست کہ ایں دائرہ باہم نرسد

دیکھو دنیا میں جہاں، حلقۂ زنجیر ہے واں
ہے جگہ کوئی جہاں دائرہ باہم نہ ملے

فرخا لذتِ بیداد کزیں راہگذر
بہ کساں می رسد آنکس کہ بہ خود ہم نرسد

کس قدر ملتی ہے بیداد میں لذّت اس کو
ظلم غیروں پہ کیا، جب بھی کبھی ہم نہ ملے

ہر کجا دشنۂ شوقِ تو جراحت بارد
جز خراشے بہ جگر گوشۂ اوہم نرسد

دشنۂ شوق کرے سب پہ جراحت لیکن
جز خراشِ اک بہ جگر گوشۂ اوہم نہ ملے

ق

طوبیٰ فیضِ تو ہر جا گل و بار افشاند
جز نسیمے بہ پرستش گہِ مریم نرسد

طوبیٰ فیض کے ہر جا ہیں گل و بار مگر
جز صبا کچھ بہ پرستش گہِ مریم نہ ملے

سوزد از تابِ سمومِ دمِ گرمم غالبؔ
دل گرش تازگی از اشکِ دمادم نرسد

جلے غالبؔ وہ تری تابِ سمومِ دم سے
دل کو گر تازگی از اشکِ دمادم نہ ملے

✻

آزادگی ست سازے اما صدا ندارد
از ہرچہ درگذشتیم آوازِ پا ندارد

آزادگی ہے نغمہ لیکن صدا نہ رکھے
جاتا ہے چھٹ کے جو کچھ، آوازِ پا نہ رکھے

عشق است و ناتوانی، حسن است و سرگرانی
جور و جفا نتابم، مہر و وفا ندارد

یاں عشق و ناتوانی، واں حسن و سرگرانی
تابِ جفا نہ ہم کو، کچھ وہ وفا نہ رکھے

فارغ کسے کہ دل را با درد وا گذارد
کشتِ جہاں سراسر دار و گیا ندارد

فارغ ہے وہ جو دل کو دکھ کے سپرد کر دے
دنیا کا پتہ بُوٹا کوئی دوا نہ رکھے

اے سبزۂ سرِ رہ از جورِ پا چہ نالی
در کیشِ روزگاراں گل خوں بہا ندارد

اے سبزۂ سرِ رہ پامال تُو ہے لیکن
دورِ فلک میں گل بھی کچھ خوں بہا نہ رکھے

صد رہ دریں کشاکش بگذشتہ در ضمیرش
رنجورِ عشق گوئی آہِ رسا ندارد

اتری ہے دل میں اس کے، نکلی جو دل سے میرے
کہتے ہیں لوگ، عاشق آہِ رسا نہ رکھے

ہر مطلعے کہ ریزد از خامہ ام فغان است
جز نغمۂ محبت سازم نوا ندارد

مطلع ہر اک جو ٹپکے خامے سے، اک فغاں ہے
جز آہ، ساز میرا کوئی نوا نہ رکھے

جاں در غمت فشاندن مرگ از قفا ندارد
تن در بلا فگندن بیمِ بلا ندارد

مرتا نہیں ہے کوئی جاں دے کے غم میں تیرے
دل جو گھرے بلا سے، خوفِ بلا نہ رکھے

برخویشتن بہ بخشا گفتم دگر تو دانی
دارم دلے کہ دیگر تابِ جفا ندارد

جور و ستم کا مانا، ہے تجھ کو شوق لیکن
دل میرا اب ذرا بھی تابِ جفا نہ رکھے

مہرش ز بے دماغی ماناست با تغافل
یارب ستم مبادا بر ما روا ندارد

لگتا ہے بے رخی میں اس کا کرم تغافل
ایسا نہ ہو، ستم بھی اب وہ روا نہ رکھے

چشمے سیاہ دارد یعنی بما نہ بیند
روئے چو ماہ دارد اما بما ندارد

ہے نورِ چشم لیکن ہم پر نظر نہ ڈالے
مہ رخ ہے اور چہرہ ہم پر کھلا نہ رکھے

چوں لعلِ تست غنچہ اما سخن نداند
چوں چشمِ تست نرگس اما حیا ندارد

شکلِ دہن ہے غنچہ لیکن سخن نہ جانے
نرگس ہے چشم صورت لیکن حیا نہ رکھے

آبش گدازِ خاکے، بادش تفِ بخاری
دہلی بمرگِ غالب آب و ہوا ندارد

پانی گدازِ خاکی، بادِ نسیم آتش
دلی قسم ہے غالب آب و ہوا نہ رکھے

✻

شوقم زپند بر درِ فریاد می زند
برآتشِ من آب دم از باد می زند

سن پند، شوق مائلِ فریاد ہوگیا
پانی جو ڈالا آگ پہ تھا، باد ہوگیا

تا افگنی چہ ولولہ اندر نہادِ ما
کآئینہ از تو موجِ پری زاد می زند

ہم میں نہ تابِ دید تھی، پر دیکھ کر تجھے
بے تاب آئینہ بھی پری زاد ہوگیا

از جوئے شیر و عشرتِ خسرو نشاں نماند
غیرت ہنوز طعنہ بہ فرہاد می زند

خواہش تھی جوئے شیر کی پرویز کو ولے
کیوں راضی کارِ غیر پہ فرہاد ہوگیا

ہرگز مذاقِ دادِ اسیری نبودہ است
یا نالہ کہ مُرغِ قفس زاد می زند

اس کو مذاقِ دردِ اسیری نہ مل سکا
گریاں اگرچہ مُرغِ قفس زاد ہوگیا

ممنونِ کاوشِ مژہ و نیشتر نیم
دل موجِ خوں ز دردِ خدا داد می زند

ممنونِ کاوشِ مژہ و نیشتر نہ تھا
دل میرا خوں بدردِ خدا داد ہوگیا

خونے کہ دی بجیبم از و خار خار بود
امروز گل بہ دامنِ جلاد می زند

تھا خار خار خوں جو گریباں میں کل مرے
وہ آج گل بہ دامنِ جلاد ہوگیا

اندر ہوائے شمع ہمانا زبال و پر
پروانہ دشنہ در جگرِ باد می زند

اندر ہوائے شمع، جلاکر وہ بال و پر
پروانہ دشنہ در جگرِ باد ہوگیا

زیں بیش نیست قافلۂ رنگ را درنگ
گل یک قدح بہ سایۂ شمشاد می زند

ہے قافلۂ رنگ نہ بیش اس سے کچھ کہ گل
شاد اک نفس بہ سایۂ شمشاد ہو گیا

چوں دید کز شکایتِ بیداد فارغم
بر زخمِ سینہ ام نمکِ داد می زند

چھڑکا ہے دے کے داد، مرے زخم پر نمک
دھیما کبھی جو شکوۂ بیداد ہو گیا

تا دستبردِ آتشِ سوزاں دہد بہ باد
سنگ از شرار خندہ بہ پولاد می زند

پتھر لٹا کے آتشِ سوزانِ اندروں
خنداں بصد شرار بہ فولاد ہو گیا

غالب سرشکِ چشم تو عالم فرو گرفت
موجے است دجلہ را کہ بہ بغداد می زند

رویا ہے آج غالبِ خستہ کچھ اس قدر
پُر خوں سے اس کے دجلۂ بغداد ہو گیا

باید زمے ہر آئینہ پرہیز، گفتہ اند
آرے دروغِ مصلحت آمیز گفتہ اند

مے سے ہمیشہ چاہیئے پرہیز، کہہ دیا
یہ کیا دروغِ مصلحت آمیز کہہ دیا

فصلے ہم از حکایتِ شیریں شمردہ ایم
آں قصۂ شکر کہ بہ پرویز گفتہ اند

ہے باب وہ حکایتِ شیریں کا ایک، جو
یوں شکریں قصّۂ پرویز کہہ دیا

خوں ریختن بہ کوئے تو کردارِ چشمِ ماست
مردم ترا برائے چہ خوں ریز گفتہ اند

خوں ریز تیرے کوچے میں ہو میری چشم آپ
لوگوں نے کس لئے تجھے خوں ریز کہہ دیا

گویم ز سوزِ سینہ و گوید کہ ایں ہمہ
تا خود نگشتہ آتشِ دل تیز گفتہ اند

شیوہ تھا خامشی ولے صد قصہ سوزِ دل
اک دن ہوئی جو آتشِ دل تیز، کہہ دیا

نہ شگفت دل ز یادِ تو، گوئی دروغ بود
از نوبہار آنچہ بہ پائیز گفتہ اند

کہہ کر کہ دل فسردہ ہوا یاد سے تری
تُو نے تو نوبہار کو پائیز کہہ دیا

نازے بصد مضائقہ، عجزے بصد خوشی
گر از تو گفتہ اند، ز ما نیز گفتہ اند

نازے بصد مضائقہ، عجزے بصد خوشی
قصّہ یہ کیسا اک اثر انگیز کہہ دیا

غالؔب ترا بہ دیر مسلماں شمردہ اند
آرے دروغِ مصلحت آمیز گفتہ اند

گر دیر میں کسی نے مُسلماں کہا تجھے
غالؔب دروغِ مصلحت آمیز کہہ دیا

صبح است، خوش بود قدحے پُر شراب زد
یاقوتِ بادہ بر فوۂ آفتاب زد

ہے صبح، وقت خوش ہے، قدح پُر شراب ہے
نکلا ہزار شان سے پھر آفتاب ہے

نشتر بہ مغزِ پنبۂ مینا فرو برید
کآفاق امتلا ز ہجومِ سحاب زد

نشتر بہ مغزِ پنبۂ مینا اتار دو
ہے فصلِ برشگال، ہجومِ سحاب ہے

ذوقِ مئے مغانہ ز کردار باز داشت
آہ از فسونِ دیو کہ راہم بآب زد

ذوقِ مئے مغانہ سے ہوتے ہیں ہم خراب
رہ پُر فسونِ دیو ہے، رہزن شراب ہے

تا خاکِ کُشتگانِ فریبِ وفائے کیست
کاندر ہزار مرحلہ موجِ سراب زد

ہے خاکِ کُشتگانِ فریبِ وفا یہ کیا
اس میں ہر ایک مرحلہ موجِ سراب ہے

رنگے کہ در خیالِ خود اندوختم ز دوست
تا جلوہ کرد چشمکِ برقِ عتاب زد

لگتی ہے مہربان جو ہم کو نگاہِ دوست
اک صاعقہ ہے، چشمکِ برقِ عتاب ہے

گفتم گرہ ز کارِ دل و دیدہ باز کن
از جبہہ ناکشودہ، بہ بندِ نقاب زد

کہتا ہوں کھول اپنی جبیں سے گرہ اگر
اک گرہ ڈالتا وہ بہ بندِ نقاب ہے

گر ہوشِ ما بساطِ ادائے خرام نیست
نقشے تواں بہ صفحۂ دیبائے خواب زد

بیدار کو توقعِ جلوہ ہوا اس سے کیا
دیدار سے جو اپنے نوازے نہ خواب ہے

تا در ہجومِ نالہ نفس باختیم بہ کوہ
سنگ از گدازِ خویش بروئیم گلاب زد

بے ہوش کوہ میں جو ہوا روکے ہیں، تو سنگ
منہ پر گداز ہو کے چھڑکتا گلاب ہے

اے لالہ بر دلے کہ سیہ کردہ ای، مناز
داغِ تو بر دماغِ کہ بوئے کباب زد

اے لالہ ناز کرتا ہے تُو داغ پر مگر
کرتی اثر کسی پہ نہ بوئے کباب ہے

غم مشرباں بہ چشمۂ حیواں نمی دہند
موجے کہ دشنہ در جگر از پیچ و تاب زد

دیویں نہ عاشقاں بہ عوض آبِ زندگی
دل میں جو درد ان کے بصد پیچ و تاب ہے

غالبؔ خساں ز جہلِ حکیمش گرفتہ اند
بے دانشے کہ طعنہ بر اہلِ کتاب زد

غالبؔ سمجھتے لوگ ہیں عاقل، وہ نابلد
کرتا نہیں جو عزّتِ اہلِ کتاب ہے

*

بہ رہ بانقشِ پائے خویشتم از غیرت سرے باشد
کہ تا رسم دوست جویاں را بہ کویش رہبرے باشد

کہیں مجھ سے انہیں معلوم تیرا گھر نہ ہو جائے
کہ نقشِ پا مرا اغیار کا رہبر نہ ہو جائے

نمی گیری بخونِ خلق بے پروانگاہاں را
تواند بود یارب بعدِ محشر محشرے باشد

پکڑ یارب بخونِ خلق بے پروانگاہاں کو
کہ ڈر ہے بعدِ محشر ایک اور محشر نہ ہو جائے

نخواہد بود رسم آنچہ بہ دیواں داوری بردن
گرفتم کشورِ مہر و وفا را داورے باشد

رسومِ داوری سکھلا خدایا اس ستمگر کو
کہیں ملکِ وفا کا خود ہی وہ داور نہ ہو جائے

تواں صیقل بہائے تیغِ قاتل ہم ادا کردن
اگر فصاد را در دہر مزدِ نشترے باشد

خوشی سے دیں گے ہم صیقل بہا پر دیکھ یہ تیرا
اے فصادِ رگِ جاں، کند کچھ نشتر نہ ہو جائے

مکیدم آں قدر کز بوسہ و دشنام خالی شد
لبِ یار است و حرفے چند گو با دیگرے باشد

کروں گا چوس کر لب بوسہ و دشنام سے خالی
مشرف تا ترے لب سے لبِ دیگر نہ ہو جائے

بہ ذوقِ لذّتے کز خارا و خار است پہلو را
بہ نالم ہم چنیں گر ہم ز نسریں بسترے باشد

ملی لذّت کچھ ایسی لیٹنے میں خار و خارا پر
کہیں پھولوں پہ میرا اے خدا بستر نہ ہو جائے

ستایم حق شناسی ہائے محبوبے کہ در محفل
دلش با چشمِ پُرخون و لبش با ساغرے باشد

خدایا دے مجھے محبوب تُو ایسا جدا جس کی
نظر سے چشمِ پُرخوں، ہاتھ سے ساغر نہ ہو جائے

نبود از تیشہ پیدا سر بہ سنگے می زدم، لیکن
ستم باشد کہ در بے ہودہ میری ہمسرے باشد

جو تیشے کی بجائے پھوڑا پتھر سے، تو ڈر یہ تھا
کہ سر میرا سرِ فرہاد کا ہمسر نہ ہو جائے

بیابد ہم ز من، آنچہ از ظہوری یافتم غالب
اگر جادو بیاناں را ز من واپس ترے باشد

کبھی ہو گا نہ تجھ جیسا کوئی جادو بیاں غالب
ظہوری کا اثر جس وقت تک اس پر نہ ہو جائے

✲

ننگِ فرہادم بہ فرسنگ از وفا دُور افگند
عشق کافر شغلِ جاں دادن بہ مزدور افگند

قصّہ فرہاد کا الفت سے مجھے دُور کرے
عشق جاں دینے پہ مزدور کو مجبُور کرے

شادم از دشمن کہ از رشکِ گدازم در دلش
نیست زخمے کز چکیدن طرحِ ناسور افگند

دعویٰ کرتا ہے مگر ہے نہ عدو مجھ جیسا
جس کے ہر زخم کو غمِ عشق کا ناسور کرے

از شہیدانِ وے ام کز بیمِ برقِ خنجرش
لرزہ در حور افتد و جام از کفِ حور افگند

میں شہید اس کا ہوا، دیکھ کے خنجر جس کا
لرزے دہشت سے پری، خوف و خطر حور کرے

شرمِ جورِ خاص خاصِ اوست لیکن در جواب
چوں فرو ماند سخن در رسمِ جمہور افگند

شرمِ جور اس میں تو ہے خاص مگر شوخی میں
بات جو بھی کرے در شیوۂ جمہور کرے

چوں بجوید کام تا لختے پرستاری کنم
خویش را در رختِ خوابِ ناز رنجور افگند

پاؤں دبوانے کی خواہش ہو اگر مجھ سے کبھی
پڑ کے بستر پہ وہ صد نازشِ رنجور کرے

وقتِ کار ایں جنبشِ خلخال کاندر ساقِ تست
حلقۂ رغبت بہ گوشِ خونِ منصُور افگند

ساقِ سمیں پہ تری دیکھ لے پازیب اگر
اسی حلقے کی طلب' دار پہ منصور کرے

گر قضا سازِ تلافی درخورِ عشرت کند
آہ ازاں خوننا بہ کاندر جامِ فغفور افگند

عیشِ دُنیا کی تلافی کرے گر دستِ قضا
خوں کے اشکوں سے وہ پُر ساغرِ فغفور کرے

گر مسلمانی، یکے بیں، زردہشت است آنکہ او
اختلافے درمیانِ ظلمت و نور افگند

شان وحدت کی کبھی دیکھ لے زردشت اگر
وہ نہ پھر تفرقۂ تیرگی و نور کرے

آمدم بر راہِ غالب، گردِ دل می گردوم
لغزشِ پائے کہ باز از جادہ ام دُور افگند

غالب آیا ہے رہِ خیر پہ لیکن ڈر ہے
لغزشِ پا نہ کہیں اس سے اسے دُور کرے

دل نہ تنہا ز فراقِ تو فغاں ساز دہد
رفتنِ عکسِ تو از آئینہ آواز دہد

دل ہی اک میرا نہ فرقت میں فغاں ساز بنے
بن تیرے عکس، مرا آئینہ دمساز بنے

مغزِ جاں سوخت ز سودا و بہ کامم تو ہنوز
زہرِ رسوائیِ ما چاشنیِ راز دہد

مغزِ جاں میرا جلے عشق میں، پر مُنہ میں ترے
زہرِ رسوائیٔ مری چاشنیِ راز بنے

خاک خوں باد کہ در معرضِ آثارِ وجود
زلف و رخ در کشد و سنبل و گل باز دہد

خواہشِ جلوہ گری خاک میں جب ان کو ہوئی
زلف و رخ، سنبل و نسرینِ بصد ناز بنے

داغم از پرورشِ چرخ کہ در بزمِ اُمید
سرِ شمعے کہ فروزد بہ دمِ گاز دہد

شمعِ اُمید ہو اے چرخ فروزاں کیسے
جب کہ ہر بزم میں تُو خانہ برانداز بنے

دل چوں بیندِ ستم از دوست، نشاط انگیزد
شیشہ سازے است کہ چوں بشکند آواز دہد

دیوے ہے نغمہ سرائی ستمِ یار مجھے
سازِ دل ہو کے شکستہ بھی، پُر آواز بنے

ہائے پُر کاریِ ساقی کہ بہ اربابِ نظر
مے بہ اندازہ و پیمانہ بہ انداز دہد

دیکھو پُر کاریِ ساقی کہ ہو خالی جب خُم
مے بہ اندازہ ملے، کام بہ انداز بنے

طرہِ ات، مشک بہ دامانِ نسیم افشاند
جلوہ ات، گل بہ کفِ آئینہ پرداز دہد

زلفِ مشکیں تری مشک صبا کو بخشے
جلوہ اک گل بہ کفِ آئینہ پرداز بنے

سعی زیں بال فشانی جگرم سوخت دریغ
کاش آبے زنمِ خجلتِ پرواز دہد

کوششِ بال فشانی سے جلا میرا جگر
کاش پانی عرقِ خجلتِ پرواز بنے

اے کہ بر خوانِ وصالِ تو قناعت کفر است
ہاں صلائے کہ مرا حوصلۂ آز دہد

وصل کی رات میں ہے کفر قناعت کرنا
دے صلا وہ جو مجھے حوصلۂ آز بنے

من سراز پا نشناسم بہ رہِ سعی و سپہر
ہردم انجامِ مرا جلوۂ آغاز دہد

میری رفتار میں وہ تیزی و سرگرمی ہے
جس سے انجام بھی اک جلوۂ آغاز بنے

پردہ داراں بہ نے و ساز فشارش دادند
نالہ می خواست کہ شرحِ ستمِ ناز دہد

پردۂ ساز میں مستور چھپا لیتے ہیں
نالہ جب چاہے کہ شرحِ ستمِ ناز بنے

ہر نسیمے کہ زکوئے تو بہ خاکم گذرد
بادم از ولولۂ عمرِ سبک تاز دہد

تیرے کوچے سے مری خاک پہ گذرے جو ہوا
وہ مرا ولولۂ عمرِ سبک تاز بنے

چوں نناز د سخن از مرحمتِ دہر بخویش
کہ براو عرفیؔ و غالبؔ بعوض باز دہد

ناز قسمت پہ زمانہ نہ کرے کیوں اپنی
غالبؔ و عرفیؔ یہاں جب کہ سخن ساز بنے

کو فنا تا ہمہ آلائشِ پندار برد
از صُوَر جلوہ و از آئینہ زنگار برد

جب فنا دُوریِ آلائشِ پندار کرے
صاف آئینے سے دل کے مرے زنگار کرے

شب زخود رفتم و بر شعلہ کشودم آغوش
کو بدآموز کہ پیغارہ بہ دلدار برد

رات مستی میں لپک پڑنا مرا آتش پر
غیر غیرت زدہ، حیرت زدہ دلدار کرے

گفتہ باشی کہ بہر حیلہ در آتش فگنش
غیر می خواست مرا بے تو بہ گلزار برد

آگ ابرِ شفق آلود سے برسے ہے وہاں
ہجر میں سوختہ دل اور بھی، گلزار کرے

باز چسپیدہ لبِ از جوششِ حلاوت باہم
مرگ مشکل کہ زما لذّتِ گفتار برد

لب چپکتے ہیں مرے، لب کی حلاوت سے تری
ورنہ کم موت نہیں لذّتِ گفتار کرے

عشوۂ مرحمتِ چرخ مخر کایں عیّار
یوسف از چاہ برآرد کہ بہ بازار برد

کیسی عیاری فلک کی ہے کہ وہ یوسف کو
چاہ سے کھینچ کے نیلام بہ بازار کرے

شوق گستاخ و تو سرمست، بداں رسوائی
ہاں ادائے کہ دل و دستِ من از کار برد

شوق ہے اِس میں، تو ہے بیش درازی اُس میں
ناز کر وہ، جو دل و دست کو بے کار کرے

خونچکاں است نسیم از اثرِ نالۂ من
کیست کز سعیِ نظر پے بہ درِ یار برد

خونچکاں یاد ہے میرے اثرِ نالہ سے
خوں کا بادل ہے کہ پوشیدہ درِ یار کرے

تو نیائی بہ لبِ بام و بکوئے تو مدام
دیدہ ذوقِ نگہ از روزنِ دیوار برد

چھوڑا جب سے ہے لبِ بام پہ آنا تُو نے
آنکھ ٹھنڈی بس اب اک روزنِ دیوار کرے

ناز را آئینہ مائیم، بفرما تا شوق
بہ تو از جانبِ ما مژدۂ دیدار برد

دل بنا آئینۂ ناز و ادا ہے میرا
دیکھے آ کے جو اسے، وہ ترا دیدار کرے

مژہ ات سُفت دل و رفت نگاہِ تو فرو
کز ضمیرم گلۂ سرزنشِ خار برد

پار کر تیرِ نظر، چیر دے مژگاں سے دل
تا نہ پھر یہ گلۂ سرزنشِ خار کرے

خاکے از رہگذرِ دوست بفرقم ریزد
تا ز دل حسرتِ آرائشِ دستار برد

ڈال سر پر مرے خاکِ رہِ جاناں، تا یہ
دُور کچھ حسرتِ آرائشِ دستار کرے

می زند دم ز فنا غالبؔ و تسکینش نیست
بو کہ توفیق ز گفتار بہ کردار برد

باتیں غالبؔ کو تو ہیں آتی بنانی بے حد
کیا ہو گر اس کو خدا مائلِ کردار کرے

چاک از جیبم بداماں می رود
تا چہ بر چاک از گریباں می رود

جیب سے میری بداماں جائے ہے
تو کہاں چاکِ گریباں جائے ہے

جوہرِ طبعم درخشان است لیک
روزم اندر ابرِ پنہاں می رود

شمسِ طبیعت درخشاں تھا میرا
اب وہ اندر ابرِ پنہاں جائے ہے

گر بود مشکل مرنج اے دل کہ کار
چوں رود از دست آساں می رود

کام مشکل ہے تو اے دل غم نہ کر
ہو یہ مشکل ہی میں آساں جائے ہے

جز سخن کفرے و ایمانے کجاست
خود سخن از کفر و ایماں می رود

باتیں واعظ کفر کی کرتا ہے جب
خطرے میں پڑ میرا ایماں جائے ہے

ہر شمیمے را مشامے درخور است
بوئے پیراہن بہ کنعاں می رود

مُشک کے قابل مشام اک چاہیئے
بوئے پیراہن یہ کنعاں جائے ہے

آید و از ذوق نشناسم کہ کیست
تا رود، پنداشتی، جاں می رود

آئے ہے تو جان میں ڈالے ہے جاں
جائے ہے تو ساتھ میں جاں جائے ہے

می برد اما نہ یک جا می برد
می رود اما پریشاں می رود

لائے ہے لیکن نہ یک جا لائے ہے
جائے ہے لیکن پریشاں جائے ہے

ہر کہ بیند در رہش گوید ہمی
قبلۂ آتش پرستاں می رود

جو بھی دیکھے راہ میں اس کو، کہے
قبلۂ آتش پرستاں جائے ہے

اوّلِ ماہ است واز شرمِ تو ماہ
آخرِ شب از شبستاں می رود

اوّلِ ماہ، ماہ تیری شرم سے
آخرِ شب از شبستاں جائے ہے

بگذر از دشمن دلش سخت است سخت
آبروئے تیر و پیکاں می رود

سخت جاں دشمن ہے چھوڑ اس کو، تری
آبروئے تیر و پیکاں جائے ہے

کیست تا گوید بداں ایواں نشیں
آنچہ بر غالب ز درباں می رود

کون ان ایواں نشینوں سے کہے
کہ کے غالب پہ جو درباں جائے ہے

✻

نومیدیِ ما گردشِ ایّام ندارد
روزے کہ سیہ شد سحر و شام ندارد

نومیدی مری، گردشِ ایّام نہ جانے
ہو روزِ سیہ جو، سحر و شام نہ جانے

بوسم لبِ دلدار و گزیدن نتوانم
نرم است دلم، حوصلۂ کام ندارد

چوموں لبِ دلدار جو، کاٹوں اسے کیسے
دل نرم ہے، یہ حوصلۂ کام نہ جانے

مفرست بہ طوفِ حرمِ دوست نسیمے
کز نکہتِ گل جامۂ احرام ندارد

طوفِ حرمِ یار میں بھیجو نہ صبا کو
نکہت کا یہ گر باندھنا احرام نہ جانے

ہر ذرّۂ خاکم ز تو رقصاں بہ ہوائے است
دیوانگیِ شوق سرانجام ندارد

فراخی ہائے عیشِ سخت جاناں

دلائیں رشک مرتے وقت مجھ کو
فراخی ہائے عیشِ سخت جاناں

گلے ہر گوشۂ دستار داری
خوشا بختِ بلندِ باغباناں

لگا گل گوشۂ دستار میں ہے
خوشا بختِ بلندِ باغباناں

غمت خونخوار و دلہا بے بضاعت
دریغا آبروئے میزباناں

ہے غم خونخوار، دل ہے خوں سے خالی
دریغا آبروئے میزباناں

گزشت از دل ولے نگزشت از دل　　رہا دل میں ہے، ہو کر پار دل کے
خدنگِ غمزۂ زوریں کماناں　　خدنگِ غمزۂ زوریں کماناں

نوائے شوق خواہ از بے نوایاں　　نوائے شوق دیتے بے نوا ہیں
نشانِ دوست جو از بے نشاناں　　نشانِ یار دیویں بے نشاناں

بہ رغمم تا فرود آرد بہ من سر　　اٹھاتے ہیں ہزاروں بار غم کے
بخواری بنگرم در ناتواناں　　توانا کس قدر ہیں ناتواناں

سبک برخیز زیں ہنگامہ غالب　　سبک رفتار جا دنیا سے غالب
چہ آویزی بدیں مشتے گراناں　　گراں سر ہیں بہت یاں سر گراناں

✣

تاز دیوانم کہ سرمستِ سخن خواہد شدن
ایں مے از قحطِ خریداری کہن خواہد شدن

فرطِ بد ذوقی سے فقدانِ سخن ہو جائے گا
بادہ از قحطِ خریداری کہن ہو جائے گا

کوکبم را در عدم اوجِ قبولی بودہ است
شہرتِ شعرم بہ گیتی بعدِ من خواہد شدن

اوج پر کوکب عدم میں تھا مرا، دنیا میں بھی
بعد مرنے کے، مرا شہرہ بہ فن ہو جائے گا

ہم سوادِ صفحہ، مشکِ سودہ خواہد بیختن
ہم دواتم نافِ آہوئے ختن خواہد شدن

عطر پاشی حرف میں ہوگی ہر اک دیوان کے
روشنائیِ قلم، مشکِ ختن ہو جائے گا

مطرب از شعرم بہر بزمے کہ خواہد زد نوا
چاک ہا ایثارِ جیبِ پیرہن خواہد شدن

کوئی مطرب چھیڑ دے گا گر غزل میری کبھی
پارہ پارہ بزم میں ہر پیرہن ہو جائے گا

حرفِ حرفم در مذاقِ فتنہ جا خواہد گرفت
دستگاہِ نازِ شیخ و برہمن خواہد شدن

شعر میں ہوگا مرے ہنگامہ رنگا رنگ یوں
دستگاہِ نازِ شیخ و برہمن ہو جائے گا

ہے، چہ می گویم اگر این است وضعِ روزگار
دفترِ اشعار بابِ سوختن خواہد شدن

گر رہی یہ ہی کوئی دن اور وضعِ آسمان
میرا دیواں سارا بہرِ سوختن ہو جائے گا

آنکہ صورِ نالہ از شورِ نفس موزوں دمید
کاش دیدے کایں نشیدِ شوق فن خواہد شدن

شاعروں کی گر یونہی ہوتی رہی بے حرمتی
صنعت و کاری گری، اک نیک فن ہو جائے گا

کاش سنجیدے کہ بہرِ قتلِ معنی یک قلم
جلوۂ کلک و رقم، دار و رسن خواہد شدن

جلوۂ کلک و رقم بن جائے گا دار و رسن
انہدامِ معنی و قتلِ سخن ہو جائے گا

مہِ نو کردہ کاہش پیکرش را
بہ چشمِ کم ہماں مہ پیکرش بیں

بنایا غم نے ہے اس کو مہِ نو
وہ لاغر اس طرح مہ پیکر اب ہے

چکد در سجدہ خوں از چشمِ مستش
گدازش ہائے نفسِ کافرش بیں

ٹپکتا آنکھ سے سجدے میں ہے خوں
گداز ایسا ہوا وہ کافر اب ہے

گراز غم برلبش جا کرد، غم نیست
ز جاں تن زن، لبِ جاں پرورش بیں

غمِ الفت سے ہے جاں لب پہ اس کی
ہوائے جاں، لبِ جاں پرور اب ہے

خداوندش بخونِ ما مگیراد
بہ بے تابی نگہ بر خنجرش بیں

معاف اس پر خدایا خوں مرا کر
وہ بے تابی سے دیکھے خنجر اب ہے

بہ رسمِ چارہ جوئی پیشِ غالب
شکایت سنجِ چرخ و اخترش بیں

برائے چارہ جوئی، پیشِ غالب
وہ شکوہ سنجِ چرخ و اختر اب ہے

حق کہ حق است سمیعے ست، فلانی بشنو
بشنو گر توئی خداوندِ جہانی بشنو

آہ و فریاد مری، میری زبانی سن لے
سن لے، گر تو ہے خداوندِ جہانی، سن لے

لن ترانی بجوابِ ارنی چند و چرا
من نہ اینم بشناس و تو نہ آنی بشنو

لن ترانی بجوابِ ارنی دے نہ مجھے
میں نہ موسیٰ، نہ خدا تو، اے فلانی سن لے

سوئے خود خوان و بخلوت گہِ خاصم جادہ
آنچہ دانی بشمار آنچہ ندانی بشنو

مجھ کو بلوا کے، بٹھا کے کبھی خلوت گہ میں
ٹھیک سے اس دلِ خستہ کی کہانی سن لے

پردۂ چند بہ آہنگِ نکیسا بسرائے
غزلے چند بہ ہنجارِ فغانی بشنو

پردۂ چند بہ آہنگِ نکیسا بسرا
غزلے چند بہ ہنجارِ فغانی سن لے

لختے، آئینہ برابر نہ و صورت بنگر
پارۂ گوش بہ من دار و معانی بشنو

کھول کر آنکھ، نظر صورتِ الفاظ پہ کر
کھول کر کان بھی کچھ ان کے معانی سن لے

ہرچہ سنجم بہ تو ز اندیشۂ پیری بپذیر
ہرچہ گویم بہ تو از عیشِ جوانی بشنو

دیکھ اندیشۂ پیری لے، دکھاؤں میں اگر
میں بتاؤں جو تجھے عیشِ جوانی، سن لے

چارہ جو نیستم و نیز فضولی نکنم
من و اندوہِ تو، چندانکہ توانی، بشنو

ہو نہ چارہ تو نہ ہو، بیٹھ کے لیکن مجھ سے
کلفتِ الفت و اندوہِ زمانی سن لے

زینکہ دیدی بہ جحیمم، طلبِ رحم خطا است
سخنے چند ز غم ہائے نہانی بشنو

میں جہنم میں ہوں، ناقابلِ بخشش ہوں، مگر
اے ستمگر مرے غم ہائے نہانی سن لے

نامہ در نیمہ رہ بود کہ غالب جاں داد
ورق از ہم درو ایں مژدہ زبانی بشنو

غالبِ خستہ مرا، دیر سے پہنچا قاصد
خط نہ پڑھ، مژدہ اک اب اس زبانی سن لے

بالم بخویشتن بسکہ بہ بندِ کمندِ تو
مردم گماں کنند کہ تنگم بہ بندِ تو

پھولا خوشی سے ہوں میں جو اندر کمندِ تو
سمجھیں ہیں لوگ تنگ ہوں اندر میں بندِ تو

آزادی ام نخواہی و ترسم کزیں نشاط
بالم بخود چنانکہ نگنجم بہ بندِ تو

آزادی چاہیئے کسے، ڈر ہے، نشاط سے
ہیں پھول کر سما نہ سکوں در کمندِ تو

رنجِ قضا است ہمتِ آساں گدازِ ما
قہرِ خدا است خاطرِ مشکل پسندِ تو

رنجِ قضا ہے، ہمتِ آساں گدازِ ما
قہرِ خدا ہے خاطرِ مشکل پسندِ تو

از ماچہ دیدۂ کہ بما از گدازِ دل
ہمچو شکر در آب بود نوش خندِ تو

دل ہے گداز ایسا کہ آیا لبوں پہ جب
پانی میں قند بن گیا شیرین خندِ تو

اے مرگ مرحبا چہ گرانمایہ دلبری
چشمِ بد از تو دور، نکویاں سپندِ تو

اے موت آفریں کہ تجھ سے بُری نظر
کرتے ہیں دُور بن کے نکویاں سپندِ تو

اے کعبہ چوں من از دلِ یار او فتادہ است
ایں بت کہ او فتادہ ز طاقِ بلندِ تو

اے کعبہ دل سے اس کے گرا ہوں میں اس طرح
بت جیسے گر گیا ہو ز طاقِ بلندِ تو

در رہگذر بپرسشِ ما گر کشی، چہ باک
آخر شراب نیست عنانِ سمندِ تو

احوال پوچھنے کو مرے، راہ میں کبھی
کھنچ جائے گر، ہو خوب، عنانِ سمندِ تو

آں کز تو دل ربودہ ندانم کہ بودہ است
یارب کہ دُور باش زجانش گزندِ تو

تجھ کو خدا بچائے تکالیفِ عشق سے
سنتے ہیں بن گیا ہے عدو دل پسندِ تو

ہر گونہ رنج کز تو در اندیشہ داشتم
ہم با تو در مباحثہ گفتم بہ پندِ تو

تُو تاکہ دل دُکھائے کسی کا نہ اس طرح
بن جائے حالِ زار مرا کاش پندِ تو

غالبؔ سپاس گوئے کہ ما از زبانِ دوست
می بشنویم شکوۂ بختِ نژندِ تو

بد قسمتی پہ آتا جو تیری ہے اس کو ترس
غالبؔ ہمیں ہے رشک بہ بختِ بلندِ تو

*

گستاخ گشتہ ایم غرورِ جمال کو
پیچیدہ ایم سر ز وفا، گوشمال کو

گستاخیاں ہیں کیوں، کہاں قہرِ جمال ہے
ہے سرکشی وفا سے، کدھر گوشمال ہے

تا کے فریبِ حلم خدا را، خدا نہ
آں خوئے خشمگین و ادائے ملال کو

یہ حلم و بردباری ہے اب کیسی، اور کہاں
وہ خوئے خشمگین و ادائے ملال ہے

برگشتہ ام ز مہر و نمی گیری ام بہ قہر
دارم دو صد جواب ولے یک سوال کو

ترکِ وفا پہ میرے، ترا کیوں نہیں ہے قہر
ہیں سو جواب، کیوں نہ تُو کرتا سوال ہے

یا می گسست صحبت و یا می فزود ربط
لیکن مرا ملال و ترا انفعال کو

ہو ختم واسطہ کہ ہو کچھ رابطہ شروع
یاں ہے نہ کچھ ملال، نہ واں انفعال ہے

خواہی کہ بر فروزی و سوزی، درنگ چیست
خواہم کہ تیز سوئے تو بینم، مجال کو

چاہے جلانا حسن سے، قدرت ہے سب تجھے
چاہوں میں جلوہ، دید کی پر کب مجال ہے

گر گفتہ ایم کشتن و لبستن، بما مخند
ما را ندارکے بہ سزا در خیال کو

کہتا ہوں جب کہ باندھ کے گیسو میں قتل کر
مجھ کو نہ کچھ سزا و جزا کا خیال ہے

من بوسہ جو و تو بہ سخن داریم نگاہ
لب تشنہ باگہر چہ شکیبد، زلال کو

میں مانگتا ہوں بوسہ تو ہنستا ہے سن کے تُو
آبِ گہر نہیں، مرا مقصد زلال ہے

دل فتنہ جو و فرصتِ تکمیلِ عشق نیست
ہنگامہ سازیِ ہوسِ زُود بال کو

تکمیلِ عشق کی نہیں فرصت مجھے، کہاں
ہنگامہ سازیِ ہوسِ زُود بال ہے

لب تا جگر ز تشنگیم سوخت در تموز
صافِ شرابِ غورہ و جامِ سفال کو

لب تا جگر جلا دے ہے گرمی، ولے نہ کچھ
شیشے میں ہے شراب نہ جامِ سفال ہے

در بادۂ طہور غمِ محتسب کجا
در عیشِ خُلد آفتِ بیمِ زوال کو

ہے بادۂ طہور میں کیوں محتسب کا غم
کیوں خُلد میں یہ آفتِ خوفِ زوال ہے

غالبؔ بہ شعر کم ز ظہوریؔ نیم ولے
عادل شہِ سخن رسِ دریا نوال کو

غالبؔ کو مرتبہ ہے ظہوریؔ کا، پر نہ اب
عادل شہِ سخن رسِ صاحب کمال ہے

دولت بہ غلط نبود، از سعی پشیماں شو
کافر نتوانی شد، ناچار مسلماں شو

ناکام رہی کوشش جو، تُو نہ پشیماں ہو
گر ہو نہ سکا کافر، ناچار مسلماں ہو

از ہرزہ رواں گشتن، قلزم نتواں گشتن
جوئے بہ خیاباں رَو، سیلے بہ بیاباں شو

ہمت کے مطابق ہی ہر قطرے کی منزل ہے
یا جوئے گلستان بن، یا سیلِ بیاباں ہو

ہم خانہ بہ ساماں بہ، ہم جلوہ فراواں بہ
در کعبہ اقامت کن، در بتکدہ مہماں شو

ساماں بھی بہت واں ہے، جلوہ بھی فراواں ہے
ہے دید کی طاقت گر، بت خانے کا مہماں ہو

آوازۂ معنی را بر سازِ دبستاں زن
ہنگامۂ صورت را بازیچۂ طفلاں شو

ہنگامۂ صورت اک بازیچۂ طفلاں ہے
معنی کا ہے گر نغمہ، بر سازِ دبستاں ہو

افسانۂ شادی را یکسر خطِ بطلاں کش
غم نامۂ ماتم را آرائشِ عنواں شو

افسانۂ شادی سے ہووے نہ خوشی گر کچھ
غم نامۂ ماتم سے آرائشِ عنواں ہو

گر چرخِ فلک گردی، سر بر خطِ فرماں نہ
در گوئے زمیں باشی، وقفِ خمِ چوگاں شو

سیارہ اگر ہے تُو، تسلیم کا سر خم کر
گر گیند ہے گیتی کی، وقفِ خمِ چوگاں ہو

آوردہ غمِ عشقم در بندگیِ ایزد
اے داغ بدل در رَو، وز جبہہ نمایاں شو

در بندِ شکیبائیٔ مُردم بہ جگر خائی
اے حوصلہ تنگی کن، اے غصہ فراواں شو

سرمایہ کرامت کن وانگاہ بغارت بر
برخرمنِ ما برقے، بر مزرعہ باراں شو

جاں داد بہ غم غالبؔ خوشنودیِ روحش را
در بزمِ عزا مے کش، در نوحہ غزل خواں شو

لایا ہے غمِ الفت در بندگیِ ایزد
اے داغِ محبّت اب از جبہہ نمایاں ہو

خوں ہوتا جگر کا ہے، در بندِ شکیبائی
اے حوصلہ کم ہو کچھ، اے غصہ فراواں ہو

لٹنے کے لئے ملتا سرمایہ ہے جس صورت
خرمن پہ گرے بجلی، جب کھیت پہ باراں ہو

غالبؔ ہے مرا غم سے، خوش کرنے کو دل اس کا
در برمِ عزا مے کش، در نوحہ غزل خواں ہو

میرود خندہ بسامانِ بہاراں زدہ
خونِ گل ریختہ دمے بہ گلستاں زدہ

روند تا پاؤں سے سامانِ بہاراں آیا
مست ہو کے جو وہ گل رخ بہ گلستاں آیا

شورِ سودائے تو نازم کہ بہ گل می بخشد
چاکے از پردۂ دل سر بہ گریباں زدہ

شور انگیزیاں الفت کی ہیں تیری ایسی
چاک داماں ہوا گل، سر بہ گریباں آیا

آہ از بزمِ وصالِ تو کہ ہر سو دارد
نشتر از ریزۂ مینا بہ رگِ جاں زدہ

واہ کیا بزم ہے تیری کہ یہاں مستوں کی
نشترِ ریزۂ مینا بہ رگِ جاں آیا

شورِ اشکے بفشارِ بنِ مژگاں دارم
طعنہ بر بے سر و سامانیِ طوفاں زدہ

اشک سے اتنا طلاطم ہے بپا مژگاں میں
شور اس جیسا نہ لے کر کوئی طوفاں آیا

اندریں تیرہ شب از پردہ بروں تاختہ است
مئے روشن بہ طرب گاہِ حریفاں زدہ

شبِ تاریک میں لے کر مئے روشن ساقی
مست و خرم بہ طرب گاہِ حریفاں آیا

فرصتم باد کہ مرہم نہ زخمِ جگر است
خندہ بر بے اثری ہائے نمکداں زدہ

کام زخموں پہ نمک نے کیا یوں مرہم کا
خندہ بر بے اثری ہائے نمکداں آیا

خوش نوا بلبلِ پروانہ نژادے دارم
شعلہ در خویش زگلبانگِ پریشاں زدہ

خوش نوا بلبلِ پروانہ نسب میرا اک
لے کے شعلہ زدہ گلبانگِ پریشاں آیا

آہ ازاں نالہ کہ تا شب اثرے باز نداد
بہ ہم آہنگیِ مرغانِ سحر خواں زدہ ٔ

بے اثر نالہ رہا سارا مرا گرچہ وہ
بہ ہم آہنگیِ مرغانِ سحر خواں آیا

چمن از حسرتیانِ اثرِ جلوۂ تست
گلِ شبنم زدہ باشد لبِ دنداں زدۂ

گلِ شبنم زدہ حسرت میں ترے جلوے کی
کاٹ کے اپنے لبوں کو ہے بہ دنداں آیا

خاک در چشمِ ہوس ریز، چہ جوئی از دہر
بارگاہے بہ فرازِ سرِ کیواں زدہ ٔ

ہے مقام اتنا ترا اونچا، بلند اتنا در
چومنے جھک کے فلک خود ترا ایواں آیا

بہ نگر موجِ غبارے و ز غالبؔ بگزر
اینک آندم ز ہواداریِ خوباں زدۂ

صورتِ موجِ غبار ایک ہے غالبؔ، جو یہاں
یک نفس بہرِ ہواداریِ خوباں آیا

بتے دارم از اہلِ دل رم گرفتہ
بشوخی دل از خویشتن ہم گرفتہ

صنم جو اہلِ دل سے رم ہوا ہے
نہ خود سے بھی گریزاں کم ہوا ہے

ز سفاکی گفتن چو گل برشگفتہ
دریں شیوہ خو را مسلّم گرفتہ

کہا ظالم، ہوا سُن کر شگفتہ
کہا دلبر تو وہ برہم ہوا ہے

رگِ غمزہ از نیشِ مژگاں کشودہ
سرِ فتنہ در زلفِ پُرخم گرفتہ

رگِ غمزہ کا نشتر نیشِ مژگاں
ستمگر گیسوئے پُرخم ہوا ہے

بہ رخسارہ عرضِ گلستاں ربودہ
بہ ہنگامہ عرضِ جہنّم گرفتہ

گلِ رخسار سے گلشن ہے دُنیا
معطّر زلف سے عالم ہوا ہے

فسوں خواندہ و کارِ عیسیٰ نمودہ
پری بودہ و خاتم از جم گرفتہ

وہ جادوگر کرے ہے کارِ عیسیٰ
پری وش مالکِ خاتم ہوا ہے

بہ ناز و ادا تن بہ معجز ندادہ
بہ شرم و حیا رخ ز محرم گرفتہ

فسوں گر بن گیا ناز و ادا سے
حیا سے غیر و نامحرم ہوا ہے

دمش رخنہ در زہدِ یوسف فگندہ
غمش گندم از دستِ آدم گرفتہ

جمال و حسن سے وسواسِ یوسف
کشش سے گندمِ آدم ہوا ہے

گہے طعنہ بر لحنِ مطرب سرودہ
گہے خردہ بر نطقِ ہمدم گرفتہ

کبھی طعنہ زنِ الحانِ مطرب
کبھی خردہ گرِ ہمدم ہوا ہے

به بیداد صد کُشته برهم نهاده
به بازیچه صد گونه ماتم گرفته

وہ کر کے عاشقوں کو قتل ظالم
خوشی سے شاملِ ماتم ہوا ہے

به رویش ز گرمی نگه تاب خورده
به کوشش برفتن صبا دم گرفته

نگہ از گرمیِ رخ تاب خوردہ
گُھٹا کُو میں صبا کا دم ہوا ہے

نیارد ز من هیچ گه یاد هرگز
مگر خوئے خاقانِ اعظم گرفته

ہوا کیا گر نہ ہم ہیں یاد، اس نے
بھُلایا اکبرِ اعظم ہوا ہے

ظفر کز دم اوست در نکته سنجی
که غالب بآوازه عالم گرفته

ہے تو مشہور گر دنیا میں غالب
کرم فرماشۂ عالم ہوا ہے

✲

گاہے بچشمِ دشمن و گاہے در آئینہ
پُرکارِ عیب جوئیِ خویشم ہر آئینہ

گاہے بچشمِ دشمن و گاہے در آئینہ
میں عیب بینِ خویش ہوں اندر ہر آئینہ

حیرت نصیب دیدہ ز بے تابیِ دل است
سیماب را حقے است ہمانا بر آئینہ

حیران و بے قرار دل و چشمِ عاشقاں
سیماب جیسے مضطر و حیراں در آئینہ

تا خود دلِ کہ جلوہ گہِ روئے یار شد
خنجر بخویش می کشد از جوہر آئینہ

دل جلوہ گاہ کیسے ہو، جب دیکھ کر اسے
گھونپے ہے اپنے قلب میں اک خنجر آئینہ

باشد کہ خاکساریِ ما بر دہد فروغ
گوئی سپردہ ایم بہ روشن گر آئینہ

ہوں خاکسار تا ہو صفا دل کہ خاک سے
کرتا ہے صاف مانجھ کے روشنگر آئینہ

محوِ خودی و دادِ رقیباں نمی دہی
اے بر رخت ز چشم تو حیراں تر آئینہ

یوں محوِ عکسِ خود نہ ہو، دے داد دیکھ اسے
ہے جب کہ آنکھ سے تری حیراں تر آئینہ

دُورت ربودہ ناز بخود ہم نمی رسی
تا چند بر ہوائے تو ریزد پَر آئینہ

بے گانہ ناز میں جو ہوا سب سے، تو بتا
تا چند بر ہوائے تو ریزد پَر آئینہ

دردا کہ دیدہ را نمِ اشکے نماندہ است
کاندر وداعِ دل زند آبے بر آئینہ

جب اشک آنکھ میں نہ رہے، کیسے اے خدا
وقتِ وداع چھڑکوں میں پانی بر آئینہ

در ہر نظر برنگِ دگر جلوہ می کنی
حسنت طلسم و فتنہ و افسوں گر آئینہ

ہر آنکھ میں برنگِ دگر جلوہ گر ہے تُو
جادو ہے تیرا حسن تو افسوں گر آئینہ

ہر یک گدائے بوسہ و نظارۂ کسے است
از جم پیالہ بین و ز اسکندر آئینہ

ہر اک فقیرِ بوسہ و نظارہ ہے یہاں
رکھتا پیالہ جم ہے تو اسکندر آئینہ

آہن چہ دادِ غمزۂ سحر آفریں دہد
غالب بجز دلش نبود در خور آئینہ

دے سکتا دادِ عشوہ نہ آئینہ ہے اگر
غالب تُو دل کا، عکس کے قابل کر، آئینہ

شاہا بہ بزمِ جشن چو شاہاں شراب خواہ
زر بے حساب بخش و قدح بے حساب خواہ

اے شہ بہ بزمِ جشن، فراواں شراب خواہ
زر بے شمار بخش و قدح بے حساب خواہ

بزمت بہشت و بادہ حلال است در بہشت
گر باز پُرس رُو دہد، از من جواب خواہ

جنت ہے بزم تیری، ہے جنت میں مے روا
ہو باز پُرس گر کوئی، مجھ سے جواب خواہ

تو بادشاہِ عہدی و بختت تو نوجواں
برخور ز عمر و باجِ نشاط از شباب خواہ

تو بادشاہِ وقت ہے، قسمت جواں تری
ہاں عیشِ عمر، عشرتِ عہدِ شباب خواہ

در روزہائے فرخ و شب ہائے دلفروز
صہبا بروزِ ابر و شبِ ماہتاب خواہ

در روزہائے فرخ و شب ہائے دلفزا
صہبا بروزِ ابر و شبِ ماہتاب خواہ

در خور نباشد ار مئے گلگوں بہ ہیچ رُو
شربت بجامِ لعل ز قند و گلاب خواہ

گر ذوق و شوقِ بادۂ گلگوں تجھے نہیں
اک جامِ لعلِ شربتِ قند و گلاب خواہ

خونِ حسود در دمِ شادی شراب گیر
چوں بادہ ایں بود دلِ دشمن کباب خواہ

وقتِ خوشی شراب پی خونِ حسود کی
کھا کوفتے دلوں کے، جگر کے کباب خواہ

گل بوی و شعر گوی و گہر پاش و شاد باش
مستی ز بانگِ بربط و چنگ و رباب خواہ

شعر و گل و گہر سے منا جشن بزم میں
مستی ز بانگِ بربط و چنگ و رباب خواہ

خونِ سیاہِ نافۂ آہو چہ بو دہد
از حلقہ ہائے زلفِ بتاں مشکِ ناب خواہ

خونِ سیاہِ نافۂ آہو کی بو ہے کیا
از حلقہ ہائے زلفِ بتاں مشکِ ناب خواہ

خواہش ازیں گروہِ پری چہرہ ننگ نیست
از چشمِ غمزہ ورزِ شکنِ طرہ تاب خواہ

نقصان آرزوئے حسیناں میں کچھ نہیں
غمزہ نگہ سے، گیسوئے پُرخم سے تاب خواہ

از رازہا حکایتِ ذوقِ نگاہ گو
از کارہا کشایشِ بندِ نقاب خواہ

ہو ذوق تو حکایتِ تیرِ نگاہ سن
ہو شوق تو کشایشِ بندِ نقاب خواہ

ہر چند خواستن نہ سزاوارِ شانِ تست
قوت ز طالع و نظر از آفتاب خواہ

ارمان و آرزو ترے شایانِ شاں نہیں
قوت ز طالع و نظر از آفتاب خواہ

در تنگنائے غنچہ کشایش ز باد جو
در جوئبارِ باغ روانی ز آب خواہ

کر خواہشِ کشایشِ غنچہ نسیم سے
از جوئے بارِ باغ روانیِ آب خواہ

در برگ و ساز گوئے نشاط از بہار بر
در بذلِ وجود بیعتِ خویش از سحاب خواہ

شرمندہ برگ و ساز سے عیشِ بہار کر
بارانِ التفات سے ننگِ سحاب خواہ

از شمعِ طور خلوتِ خود را چراغ نہ
از زلفِ حور خیمۂ خود را طناب خواہ

خلوت کدے میں روشنی کر شمعِ طور سے
خیمے کی زلفِ حور سے مشکیں طناب خواہ

از آسماں نشیمنِ خود را بساط ساز
از ماہِ نو جنیبتِ خود را رکاب خواہ

فرش اپنے آشیاں کا بنا آسماں کو
از ماہِ نو سمند کی اپنے رکاب خواہ

غالب قصیدہ را بہ شمارِ غزل در آر
وز شہ بریں غزل رقمِ انتخاب خواہ

غالب قصیدہ بھی نہ غزل سے ہے کم یہ جب
تُو بادشاہ سے رقمِ انتخاب خواہ

چوں زبانہا لال و جانہا پُر زغوغا کردۂ
بایدت از خویش پرسید آنچہ با ما کردۂ

گنگ کرکے، جاں میں پیدا شور و غوغا کردیا
بےبس و بےکس خدایا ہم کو کیسا کردیا

گر نہ مشتاقِ عرضِ دستگاہِ حسنِ خویش
جاں فدایت، دیدہ را بہرِ چہ بینا کردۂ

رکھنا بندوں کو اگر محروم جلوہ تھا تجھے
تیرے قرباں، پھر بتا کیوں دیدہ بینا کردیا

صد کشاد آں را کہ ہم امروز رخ بہ نمودۂ
مژدہ باد آں را کہ محوِ ذوقِ فردا کردۂ

ہے وہ خوش قسمت دکھایا جس کو تُو نے آج رخ
کامراں وہ بھی ہے جس کو محوِ فردا کردیا

خوبرویاں چہ مذاقِ خوئے ترکاں داشتند
آفرینش را بر ایشاں خوانِ یغما کردۂ

خوبرووں کو مذاقِ خوئے تاراجی دیا
واسطے ان کے سب عالم خوانِ یغما کردیا

خستگاں را دل بہ پرسش ہائے پنہاں بردۂ
با دُرستاں گر نوازش ہائے پیدا کردۂ

عاصیوں پر بھی خدایا پرسشِ پنہاں کبھی
نیک بندوں پر جو لطفِ آشکارا کردیا

چشمۂ نوش است از زہرِ عتابت کامِ جاں
تلخیِ مے در مذاقِ ما گوارا کردۂ

کامِ جاں کو زہرِ تندی ہوگیا شیر و شکر
تلخ بادہ تُو نے جب ہم کو گوارا کردیا

ذرۂ را روشناسِ صد بیاباں گفتۂ
قطرۂ را آشنائے ہفت دریا کردۂ

ایک ذرہ روشناسِ صد بیاباں ہوگیا
ایک قطرہ آشنائے ہفت دریا کردیا

دجلہ می جوشد، ہمانا دیدہ ہا جویائے تست
شعلہ می بالد مگر در سینہ ہا جا کردۂ

دل میں جب اترا، کیا سینہ مرا آتش فشاں
کر کے جویا، آنکھ میں اک جوشِ دریا کر دیا

جلوہ و نظارہ پنداری کہ از یک گوہر است
خویش را در پردۂ خلقے تماشا کردۂ

پردہ و نظارہ حلقے دو ہیں اک زنجیر کے
پردہ داری کو بھی تُو نے اک تماشا کر دیا

چارہ در سنگ و گیاہ و رنج با جاندار بود
پیش ازاں کایں در رسد آں را مہیا کردۂ

کر کے جانداروں سے پہلے پیدا تُو نے برگ و خس
پیشِ بیماری مہیّا اک مداوا کر دیا

دیدہ می گرید، زباں می نالد و دل می تپد
عقدہ ہا از کارِ غالبؔ سر بسر وا کردۂ

آنکھ میں گریہ، زباں پر نالہ، آتش قلب میں
عقدہ ہا از کارِ غالبؔ سر بسر وا کر دیا

❋

در زمہریرِ سینۂ آسودگاں نۂ
اے دل بدیں کہ غمزدۂ، شادماں نۂ

دل زمہریرِ سینۂ آسودگاں نہیں
ہے شکر، غمزدہ ہے یہ اور شادماں نہیں

اے دیدہ اشک ریختن آئینِ تازہ نیست
خود راز ما مگیر اگر خوں فشاں نۂ

آتے بہانے اشک ہیں ہر آنکھ کو، ولے
وہ آنکھ کچھ نہیں ہے اگر خوں فشاں نہیں

بلبل بگوشۂ قفس از خستگی منال
چوں من بہ بندِ خار و خسِ آشیاں نۂ

بلبل نہ رو قفس میں، ہو خوش، شکر کر ادا
کہ تجھ کو بندِ خار و خسِ آشیاں نہیں

گوئی یکے است پیشِ تو بود و نبودِ من
با من نشستۂ و ز من سرگراں نۂ

لگتا ہے، میرا ہونا، نہ ہونا ہے ایک سا
بیٹھا ہے پاس تُو مرے اور سرگراں نہیں

داغم ز ناکسی کہ بہ تمہیدِ آشتی
زنجیدۂ ز غیر و بمن مہرباں نۂ

دی عاشقی نے مجھ کو کچھ ایسی ہے ناکسی
جو سرگراں بھی آج تُو نامہرباں نہیں

آخر نبودہ ایم ز اول خدا پرست
با ما ز سادگی است اگر بدگماں نۂ

کہتا ہوں اس سے، تھا نہ کبھی میں خدا پرست
کرتا وہ اعتبار مگر بدگماں نہیں

دانستۂ کہ عاشقِ زارم، گدانیم
دانم کہ شاہدی، شہِ گیتی ستاں نۂ

عاشق ہوں، خستہ حال ہوں، پر میں نہیں گدا
معشوق تُو ہے، پر شہِ گیتی ستاں نہیں

با دیدہ چیست کارِ تو، لختِ جگر نۂ
در دل چراست جائے تو، سوزِ نہاں نۂ

وہ آنکھ میں ہو کیسے جو لختِ جگر نہیں
دل میں سمائے کیسے جو سوزِ نہاں نہیں

غالب ز بودِ تست کہ تنگ است بر تو دہر
بر خویشتن ببال اگر درمیاں نۂ

غالب وجود سے ہے ترے تنگیِ جہاں
ہے کائنات تیری جو یہ درمیاں نہیں

مرز فنا فراغ را مژدۂ برگ و ساز دہ
سایہ بہ مہر واگذار، قطرہ بہ بحر باز دہ

عالمِ ناثبات کو مژدۂ برگ و ساز دے
سایہ بہ آفتاب دے، قطرہ بہ بحر باز دے

طرۂ جیب راز چاک شانۂ التفات کش
عارضِ خویش را ز اشک غازۂ امتیاز دہ

شانۂ چاک پر سجا طرۂ جیب ہر نفس
زردیِ رخ کو اشک سے غازۂ امتیاز دے

داغ بہ سینہ زیور است، دل بہ جفا حوالہ کن
مے ز شرر گراں تر است، سنگ بہ شیشہ ساز دہ

سینے کو داغ سے سجا، دل کو جفا شناس کر
مے ہے شرر سے قیمتی، سنگ بہ شیشہ ساز دے

از نم دیدہ، دیدہ را رونقِ جوئے بار بخش
و ز تفِ نالہ، نالہ را چاشنیِ گداز دہ

رونقِ جوئے بار دے اشکِ رواں سے آنکھ کو
حدتِ غم سے قلب کو چاشنیِ گداز دے

شرم کن آخر اے حیا، ایں ہمہ گیر و دار چیست
خاطرِ غمزہ باز جو، رخصتِ ترکتاز دہ

شرم کر آخر اے حیا، کیسی یہ گیر و دار ہے
غمزہ و نازِ یار کو رخصتِ ترکتاز دے

اے گلِ تر برنگ و بو، ایں ہمہ نازش از چہ رو
منتِ ابر یک طرف، مزدِ چمن طراز دہ

اے گلِ تر برنگ و بو، ناز کر اس قدر نہ تو
منتِ ابر یک طرف، مزدِ چمن طراز دے

یا بہ بساطِ دلبری عام مکن ادائے لطف
یا ز نگاہِ خشمگیں مژدۂ امتیاز دہ

یا بہ بساطِ دلبری عام نہ مہر و لطف کر
یا ز نگاہِ خشمگیں مژدۂ امتیاز دے

اے تو کہ غنچۂ ترا بحثِ شگفتن از بر است
سروِ کرشمہ باز را درسِ خرامِ ناز دہ

غنچہ دہن کو تو ترے آتا ہے کھلنا ہر ادا
سروِ رواں کو بھی کبھی درسِ خرامِ ناز دے

گر بہ غمے کہ خوردہ ام، رخصتِ اشک و آہ نیست
ہم بہ دلے کہ بردہ ای، طاقتِ ضبطِ راز دہ

رخصتِ اشک و آہ گر، ہے غمِ عشق کو نہیں
دل کو، جو لے گیا ہے تو، طاقتِ ضبطِ راز دے

اے کہ بحکمِ ناکسی تیرہ ز عیشِ غالبی
خیز و ز راہِ داوری بالِ ہما بہ گاز دہ

غالبِ خستہ کو ملے جتنے بھی دکھ ہیں، ٹھیک ہیں
اس کا، تو شاہِ دلبراں، دل بھی کبھی نواز دے

کیستم دست بہ مشاطگیِ جاں زدۂ
گوہر آمائے نفس از دلِ دنداں زدۂ

کیسا اک ہاتھ بہ مشاطگیِ جاں آیا
پارۂ دل کے پروتا ہوا مرجاں آیا

پاسِ رسوائیِ معشوق ہمین است اگر
وائے ناکامیِ دستے بگریباں زدۂ

پاسِ رسوائیِ معشوق کرے ضبط طلب
ہائے وہ ہاتھ جو در کرنے گریباں آیا

شوق را عربدہ با حسنِ دل آرا باقی است
من و صد پارہ دلے بر صفِ مژگاں زدۂ

شوق کو عربدہ با حسنِ دل آرا ہے ابھی
دلِ صد پارہ مرا بر صفِ مژگاں آیا

دلِ صد چاک نگہدار، بجائش بفرست
شانۂ درخمِ آں زلفِ پریشاں زدۂ

دلِ صد چاک کو میرے ملی اک امن کی جا
جب وہ اندر خمِ گیسوئے پریشاں آیا

بوکہ در خوابِ خود آئی و سحر برخیزی
ساغر از بادۂ نظارۂ پنہاں زدۂ

خواب میں دیکھیں اگر مست نگاہیں اپنی
پی کے وہ بادۂ نظارۂ پنہاں آیا

بہرِ سرگرمیِ ما خانہ خرابان باید
حسنے از تابِ خود آتش بہ شبستاں زدۂ

ہوئی سرگرمیِ دلِ زار میں پیدا، وہ جب
آتشِ رخ سے جلانے کو شبستاں آیا

فارغ از کشمکشِ عشوہ جنونے دارم
پشتِ پائے بسرِ کوہ و بیاباں زدۂ

فارغِ کشمکشِ عشوہ ہوا جب بھی جنوں
شکوہ ویرانی کا کرتے کو بیاباں آیا

حسن در جلوہ گری ہا نکشد منتِ غیر
ہر گل از خویشتن است آتشِ داماں زدۂ

حسن کی جلوہ گری دیکھو کہ کیسے ہر گل
آگ بھڑکاتا ہوا اپنی بداماں آیا

تا چہا مژدۂ خوں گرمیِ قاتل دارد
ناوکے در رہِ دل قطرہ ز پیکاں زدہٗ

ساتھ وہ مژدۂ خوں گرمی قاتل لایا
اُڑ کے تیزی سے سوئے سینہ جو پیکاں آیا

خواستم شکوۂ بیدادِ تو انشا کردن
قلم از جوشِ رقم شد خسِ طوفاں زدہٗ

چاہا گر لکھنا کبھی شکوۂ بیداد، تو وہ
نکلا بیرونِ قلم، صورتِ طوفاں آیا

وائے برمن کہ رقیب از تو بمن بنماید
نامۂ واشدہ، مُہر بہ عنواں زدہٗ

کتنا کم ظرف عدو ہے جو ملا اس کو ترا
کھول کے خط کو، دکھاتا ہوا عنواں آیا

ہدیہ آوردۂ از بزمِ حریفاں ما را
رخِ خوے کردہ ز شرم و لبِ دنداں زدہٗ

لبِ دنداں زدہ، عارض عرق آلودہ، وہ
لے کے کیا تحفہ یہ از بزمِ حریفاں آیا

برد در انجمنِ شعلہ رخانم غالب
ذوقِ پروانۂ بر روئے چراغاں زدہٗ

دیکھ کیا انجمنِ شعلہ رخاں میں غالب
ذوقِ پروانہ لئے سوئے چراغاں آیا

بر دست و پائے بندِ گرانے نہادۂ
نازم بہ بندگی کہ نشانے نہادۂ

بر پا و دست بندِ گراں ایک دے دیا
بندہ بنا کے دل پہ نشاں ایک دے دیا

ایمن نیم ز مرگ اگر رُستہ ام ز بند
دلدوز ناوکے و کمانے نہادۂ

آزاد کر کے صید کو، صیاد تُو نے کیوں
اندیشۂ خدنگ و کماں ایک دے دیا

گوہر ز بحر خیزد و معنی ز فکرِ ژرف
بر ما خراجِ طبعِ روانے نہادۂ

دے کر زباں کو نطق، معانی خیال کو
بارِ خراجِ طبعِ رواں ایک دے دیا

تا در امیدِ عمر بہ پندار بگزرد
از لطف در حیات نشانے نہادۂ

تا پھر اسی خیال میں گزرے یہ زندگی
لطفِ کرم کا اس کو نشاں ایک دے دیا

تا خستۂ بلا نبود بے گریز گاہ
در مرگ احتمالِ امانے نہادۂ

تا خستۂ بلا کو ہو اُمیدِ عافیت
مرنے میں احتمالِ اماں ایک دے دیا

راز است گر دلے بجفائے شکستۂ
داد است گر سرے بہ سنانے نہادۂ

کی شاہدی، جو توڑ کے دل رکھ دیا کوئی
کی داوری، جو سر بہ سناں ایک دے دیا

دوزخ بداغِ سینہ گدازے نہفتۂ
قلزم بہ چشمِ اشک فشانے نہادۂ

دوزخ چھپا کے رکھ دیا سینے کے داغ میں
قلزم بہ چشمِ اشک فشاں ایک دے دیا

بر ہر دلے فسونِ نشاطے دمیدۂ
بر ہر تنے سپاسِ روانے نہادۂ

ہر دل فسونِ شوق و تمنّا سے پُر کیا
ہر جسم کو سپاسِ رواں ایک دے دیا

ہر دیدہ را درے بخیالے کشودۂ
ہر فرق را دلے بہ گمانے نہادۂ

ہر آنکھ کو خیال و تصوّر سے بھر دیا
ہر دل کو راستی کا گماں ایک دے دیا

غالب زغصہ مُرد، ہمانا خبر نداشت
کاندر خرابہ گنجِ نہانے نہادۂ

غالب کو بعدِ قتل، کیا دفن اس نے جب
گورِ زمیں کو گنجِ نہاں ایک دے دیا

✻

نفس را بر درِ ایں خانہ صد غوغاست پنداری
دلے دارم کہ سرکارِ تمنّاہاست پنداری

نفس کو آستانِ دل پہ صد غوغا ہے اے ہمدم
مگر دل ہے کہ خود مارا تمنّا کا ہے اے ہمدم

حباب از فرقِ عشاق است و موج از تیغِ خوبانش
شہادت گاہِ اربابِ وفا دریاست پنداری

حباب از فرقِ عشاق اور موجیں تیغِ خوباں ہیں
شہادت گاہِ اربابِ وفا دریا ہے اے ہمدم

بگوشم میرسد از دُور آوازِ درا امشب
دلِ گم گشتۂ دارم کہ در صحراست پنداری

سنائی دُور سے دیتی ہے آوازِ درا شب میں
دلِ گم گشتہ، لگتا ہے کہ در صحرا ہے اے ہمدم

از و باور ندارد دعویٔ ذوقِ شہادت را
نگاہش با رقیب و خاطرش با ماست پنداری

بظاہر مانتا دشمن کا ہے دعویٰ شہادت کا
درونِ پردہ کرتا پر یقیں میرا ہے اے ہمدم

در و دیوار را در زر گرفت آہِ شرر بارم
شبِ آتش نوایاں آفتاب انداست پنداری

مری آہِ شرر افشاں سے ہیں دیوار و در روشن
شبِ آتش نوا میں مہر اک نکلا ہے اے ہمدم

گریستم آں قدر کز خوں بیاباں لالہ زارے شد
خزانِ ما بہارِ دامنِ صحراست پنداری

بنایا دیدۂ خونبار نے ہے دشت کو گلشن
خزاں میری بہارِ دامنِ صحرا ہے اے ہمدم

جنونِ الفتِ ہمچو خودے دارد، تماشا کن
شکستِ صد دل از رنگِ رخش پیداست پنداری

شکستہ دل ہوا ہے اس کا میری طرح، جو اس کے
جنوں کو دیکھ کر، چہرے کا رنگ اڑتا ہے اے ہمدم

نویدِ وعدۂ قتلے بگوشم می رسد غالبؔ
لبِ لعلش بکامِ بیدلاں گویاست پنداری

نویدِ وعدۂ قتل ایک آئی کان میں غالبؔ
سنا ہے اس کا لب پھر قصدِ جاں کرتا ہے اے ہمدم

بدیں خوبی خرد گوید کہ کامِ دل مخواہ از وے
نکو رُوی و نکو کار و نکو نام است آہ از وے

نکو روئی، نکو کاری، نکو نامی و جاہ اس سے
تُو سب کچھ چاہ لیکن کامِ دل ہرگز نہ خواہ اس سے

نگارم سادہ و من رندِ رنگ آمیزِ رسوائیم
چہ نقشِ مدعا بندم بدیں روئے سیاہ از وے

وہ سادہ دل ہے، میں اک رندِ رنگا رنگِ رسوا ہوں
کہوں کس طرح اپنا مدعا میں رُوسیاہ اس سے

بموجِ نالہ می روبم غبار از دامنِ زینش
کمیں با دیدہ ام، غافل نیم در صید گاہ از وے

کمین و دام و دانہ سے ہوں واقف خوب میں پھر بھی
طلب مہر و وفا کرتا ہوں اندر صید گاہ اس سے

جنونِ رشک را نازم کہ چوں قاصد رواں گردد
دَوم بے خویش و گیرم نامہ اندر نیمہ راہ از وے

جنونِ رشک تو دیکھو کہ قاصد کو رواں کر کے
میں جا کر چھینتا ہوں نامہ اندر نیم راہ اس سے

چہ سنجم داوری با سامری سرمایہ محبوبے
کہ باشد چو دلِ داور زبانِ داد خواہ از وے

امیدِ داوری کیوں کر ہو، ایسا ہے فسوں گر وہ
کہ بنتا ہے دلِ داور، زبانِ داد خواہ اس سے

ز ہم دُوریم با ایں مایہ نسبت، نامرادی بیں
شبِ تاریک از ما باشد و روئے چو ماہ از وے

ہے کیسی نامرادی، فرق دیکھو اس میں اور مجھ میں
کہ دن تاریک مجھ سے رات کو ہیں نجم و ماہ اس سے

شکستن را خدایا ہم بدیں اندازہ قسمت کن
دلے از ما و عہد و طرہ و طرفِ کلاہ از وے

ہے عادل گر تو یا رب کیوں شکستہ لے کے کرتا ہے
دل ہم سے اور عہد و کاکل و طرفِ کلاہ اس سے

بتاں را جلوۂ نازش بوجد آرد، شگرفے بیں
برہمن باشد اما دیر گردد خانقاہ ازوے

بتوں کو وجد میں لاتا ہے، جب کرتا ہے وہ جلوہ
ہے گو کافر، مگر بنتا ہے مندر خانقاہ اس سے

شدم غرقِ شطِ نظارہ و باغیر در تابم
کہ دانم می تراود دعویٰ ذوقِ نگاہ ازوے

ہوں خود تو غرقِ جلوہ، دیکھ کر جلتا ہوں میں لیکن
کرے ہے جب بھی دشمن دعویٰ ذوقِ نگاہ اس سے

نگاہش شرمگیں باشد چو مژگاں سرکش است آرے
فرو ماند سپہ دارے کہ بر گردد سپاہ ازوے

نگہ ہوتی ہے اس کی شرمگیں مژگانِ سرکش سے
کرے کیا بادشہ، ہووے اگر باغی سپاہ اس سے

بہ غالبؔ آشتی کردیم دیگر داوری نبود
گزافِ دائمی ازما، شرابِ گاہ گاہ ازوے

ہو صلح و آشتی ساقی سے آخر کیسے، جب غالبؔ
ہے عرضِ دائمی ہم کو، شرابِ گاہ گاہ اس سے

نخواہم از صفِ حوراں ز صد ہزار یکے
مرا بس است ز خوبانِ روزگار یکے

طلب نہ مجھ کو بہ حورانِ صد ہزار ہے اک
مرا نگار ز خوبانِ روزگار ہے اک

سراغِ وحدتِ ذاتش تواں ز کثرت جست
کہ سائر است در اعدادِ بے شمار یکے

سراغِ وحدتِ ذاتِ خدا ہے کثرت میں
کہ سارا حاصلِ اعدادِ بے شمار ہے اک

کسے کہ مدعیِ سستیِ اساسِ وفاست
نشاں دہد ز بناہائے استوار یکے

ہے وہ جو مدعیِ سستیِ اساسِ وفا
کم از کم اس کو عقیدۂ استوار ہے اک

چگویم از دل و جانے کہ در بساطِ من است
ستم رسیدہ یکے، ناامیدوار یکے

خدا نے ایسے دل و جاں دئے مجھے، جن میں
ستم رسیدہ ہے اک ، ناامیدوار ہے اک

دو برقِ فتنہ نہفتند در کفِ خاکے
بلائے جبر یکے، رنجِ اختیار یکے

چھپا کے فتنے رکھے ایک مشتِ خاک میں دو
بلائے جبر ہے اک، رنجِ اختیار ہے اک

دلا منال کہ گویند در صفِ عشاق
ستوہ آمدہ از جورِ خوئے یار یکے

دل اے تُو اتنا نہ رو ، عاشقوں میں ہے چرچا
کہ آج ان میں سے 'بے زارِ جورِ یار' ہے اک

ز نالہ ام بدلت می رسد ہزار آسیب
نشد کہ سنگِ تو بیروں دہد شرار یکے

سنا ہے رکھتی ہے فریاد اک اثر لیکن
کبھی نہ سنگ سے نکلا ترے شرار ہے اک

مرو ز آئینہ خانہ کہ خوش تماشائے است
یکے تو محوِ خودی و چو تو ہزار یکے

یہ کیسا آئینہ خانے میں اک تماشا ہے
نمایاں تُو ہی دروں عکسِ صد ہزار ہے اک

زہے نگاہِ سبک سیر و شرمِ دُور اندیش
یکے بہ دُزدیِ دل رفت و پردہ دار یکے

زہے نگاہِ سبک سیر و شرمِ دُور اندیش
کہ ایک دل کو چراتی ہے، پردہ دار ہے اک

قماشِ ہستیِ من یکسر آتش است آتش
مرا چو شعلہ بود پشت و روئے کار یکے

قماشِ ہستی میں میری ہے آتش و آتش
وجود سارا مرا برقِ شعلہ بار ہے اک

چہ شد کہ ریختہ زباں رنگِ صد ہزار سخن
بخوں سرشتہ نوائے ز دل برآر یکے

تری زبان پہ ہے رنگِ صد ہزار سخن
نکال گر کوئی آوازِ دل فگار ہے اک

دم از ریاستِ دہلی نمی زنم غالبؔ
منم ز خاک نشینانِ آں دیار یکے

لگے ریاست دہلی میں دل نہ غالبؔ کا
دے اس کو، خاک نشینوں کا جو دیار ہے اک

اندوہِ پَر افشانی از چہرہ عیان استے
خوں ناشدہ رنگ اکنوں از دیدہ روان استے

اندوہ جدائی کا چہرے پہ عیاں ہووے
خوں بن کے دلِ عاشق آنکھوں سے رواں ہووے

صد رہ بہ ہوس خود را با وصلِ تو سنجیدم
یک مرحلہ تن وانگہ صد قافلہ جان استے

اے جانِ ہوس تیری مل جائے اگر وصلت
اک لذّتِ تن ہووے، صد حظِ رواں ہووے

ذوقِ دل خود کامش، دریاب زفر جامش
ہر حلقۂ گلدامش، چشمے نگران استے

ذوقِ دلِ صیادی کیسے رہے چھپ کے جب
ہر حلقۂ دام اس کا چشمِ نگراں ہووے

رَو، تن بہ خرابی دہ، تا کارِ رواں گردد
طوفان زدہ زورق را ہر موج عنان استے

دے جسم خرابی کو، تا کار رواں ہو اور
طوفاں زدہ کشتی کو، ہر موج عناں ہووے

چشمے کہ بما دارد، ہم رُو بہ قفا دارد
خود نیز رخِ خود را، از حیرتیان استے

حسن اپنے نظارے میں مشغول رہے ہر دم
فرصت اسے کرنے کی جلوے کی کہاں ہووے

جاں باغ و بہار، اما در پیشِ تو خاک استے
تن مشتِ غبار، اما در کوئے تو جان استے

جاں باغ و بہار، اما آگے ترے خاکستر
تنِ مشتِ غبار، اما کُوےمیں ہو تو جاں ہووے

رازِ تو شہیداں را در سینہ نمی گنجد
ہر سبزہ دریں مشہد مانا بہ زبان استے

سینے میں شہیدوں کے ہوں راز نہاں کیسے
مشہد کا جو ہر خوشہ مانندِ زباں ہووے

ساقی بہ زر افشانی، دانم ز کریمانی
پیمانہ گراں تر دہ، گر بادہ گران استے

دولت کے لٹانے میں فیاض ہے تُو ساقی
پیمانہ گراں تر دے گر بادہ گراں ہووے

فیضِ ازلی نبود مخصوص گروہے را
حرفے است کہ مے خوردن آئینِ مغان استے

فیضِ ازلی کو ہے مخصوص نہ اک فرقہ
لازم نہیں مے خواری آئینِ مغاں ہووے

ہم جلوۂ دیدارش در دیدہ نگاہ استے
ہم لذّتِ آزارش در سینہ روان استے

جلوہ جو نظر آئے، ہو آنکھ کی بینائی
آزار ملے ایسا کہ لذّتِ جاں ہووے

غالب سرِ خُم بکشا، پیمانہ بہ مے درزن
آخر نہ شبِ ماہ ست، گیرم رمضان استے

غالب کہو ساقی سے، پُر لطف شبِ مہ ہیں
وہ جام بھرے، چاہے ماہِ رمضاں ہووے

بدل زعربدہ جائے کہ داشتی داری
شمارِ عہدِ وفائے کہ داشتی داری

دل ایک عربدہ جا ہے وہی جو پہلے تھا
کہ بغض اس میں بھرا ہے وہی جو پہلے تھا

بہ لب چہ خیزد ار انگیز وعدہ ہائے وفا
بدل نشستِ جفائے کہ داشتی داری

لبوں پہ وعدے وفا کے ہیں تیرے گر تو کیا
دل اک نشستِ جفا ہے وہی جو پہلے تھا

تو کے زجور پشیماں شدی، چہ میگوئیؒ
دروغِ راست نمائے کہ داشتی داری

تُو اور تیری پشیمانیِ جفا، اللہ
دروغِ راست نما ہے وہی جو پہلے تھا

بہ سینہ چوں دل و در دل چوں جاں خزیدی و باز
نگاہِ مہر فزائے کہ داشتی داری

سمایا تُو ہے مرے جان و دل میں جو بھر سے
فسونِ جاں فزا ہے وہی جو پہلے تھا

عتاب و مہرِ تو از ہم شناختن نتواں
خرد فریب ادائے کہ داشتی داری

عتاب و مہر میں کرنی تمیز مشکل ہے
ترا فریبِ ادا ہے وہی جو پہلے تھا

خرابِ بادۂ دوشینہ، سرت گردم
ادائے لغزشِ پائے کہ داشتی داری

خمارِ بادہ ہے یا مستیِ شباب تری
بہک کے چلنا ترا ہے وہی جو پہلے تھا

بہ کردگار نگر دیدی و ہماں بہ فسوس
حدیثِ روزِ جزائے کہ داشتی داری

نہ دل میں خوفِ خدا ہے، نہ فکرِ روزِ جزا
طریقِ مکر و ریا ہے وہی جو پہلے تھا

کرشمہ باز نہالے کہ بودۂ ہستی
بسر ز فتنہ ہوائے کہ داشتی داری

کرشمہ باز طبیعت وہی جو پہلے تھی
دماغ فتنہ بھرا ہے وہی جو پہلے تھا

ہنوز ناز پئے غمزہ گم نداند کرد
ادائے پردہ کشائے کہ داشتی داری

ہے نازِ حسن ترا دم بدم پئے غمزہ
کرشمہ پردہ کشا ہے وہی جو پہلے تھا

جہانیاں ز تو برگشتہ اند گر غالبؔ
ترا چہ باک خدائے کہ داشتی داری

ہوئے ہیں لوگ اگر تجھ سے منحرف غالبؔ
نہ ڈر کہ تیرا خدا ہے وہی جو پہلے تھا

اگر بہ شرع سخن درمیاں بگردانی
زسوئے کعبہ رخِ کارواں بگردانی

جو تجھ پہ حسنِ حقیقت عیاں ہو جائے
مکانِ شیخ ترا لا مکاں ہو جائے

بہ نیم ناز کہ طرحِ جہانِ نو فگنی
زمیں بگستری و آسماں بگردانی

اک آشیانہ بنا ایسا آدمِ خاکی
زمین فرش ہو، چھت آسمان ہو جائے

بیک کرشمہ کہ بر گلبنِ خزاں ریزی
بہار را بدرِ بوستاں بگردانی

کرشمہ تیرا اگر گلبنِ خزاں دیکھے
بہارِ حسنِ گل و گلستان ہو جائے

بخاطرے کہ در آئی، بجلوہ آرائی
بلائے ظلمتِ مرگ از رواں بگردانی

کبھی تو دل میں اگر آ کے جلوہ آرا ہو
بلائے مرگ سے آزاد جان ہو جائے

بہ گلشنے کہ خرامی، ببادہ آشامی
قدح بہ جوشِ گل و ارغواں بگردانی

خراماں باغ میں آئے تو دیکھ کر تجھ کو
قدح بدستِ گل و ارغوان ہو جائے

بہ بیمِ خوئے خودم در عدم بخوابانی
بہ ذوقِ روئے خودم در جہاں بگردانی

کرے جو بے رخی، جاں لیوے عاشقوں کی وہ
دکھائے جلوہ تو جانِ جہان ہو جائے

بہ بذلہ خاطرِ اسلامیاں بیازاری
بجلوہ قبلۂ زردشتیاں بگردانی

بہ پردہ خاطرِ اسلامیاں کرے غمگیں
بہ جلوہ قبلۂ زردشتیان ہو جائے

اجازتے کہ کنم نالہ تا کجا غالبؔ
زلب بہ سینۂ تنگم فغاں بگردانی

چھپا کے سینے میں رکھے گا کب تلک غالبؔ
ہے وقت اب کہ زباں پر فغان ہو جائے

اے موجِ گل نویدِ تماشائے کیستی
انگارۂ مثالِ سراپائے کیستی

اے رنگِ گل نویدِ تماشا ہے کس کا تو
انگارۂ جمال دکھاتا ہے کس کا تو

بے ہودہ نیست سعیِ صبا در دیارِ ما
اے بوئے گل پیامِ تمنّائے کیستی

لائی صبا جو ساتھ ہے تجھ کو بہار میں
اے عطرِ گل پیامِ تمنّا ہے کس کا تو

خوں گشتم از تو باغ و بہارِ کہ بودہ
کُشتی مرا بہ غمزہ، مسیحائے کیستی

کرتا ہے خونِ دل جو مرا ناز سے، بتا
باغ و بہار کس کا، مسیحا ہے کس کا تو

یادش بخیر، تا چہ قدر سبز بودہ
اے طرفِ جوئبارِ چمن، جائے کیستی

شاداب و سبز اتنا جو ہے، اے کنارِ جُو
خود کو مقامِ سیر بناتا ہے کس کا تو

از خاک غرقۂ کفِ خونے دمیدہ
اے داغِ لالہ نقشِ سویدائے کیستی

نکلا ہے تُو جو غرقۂ خوں خاک سے، بتا
اے داغِ لالہ نقشِ سویدا ہے کس کا تو

نشنیدہ لذّتِ تو فرو می رود بدل
اے حرف محوِ لعلِ شکر خائے کیستی

لذّت ہوئی ہے دل نشیں تیری بِنا سنے
اے حرف محوِ لعلِ شکر خا ہے کس کا تو

با تو بہار ایں ہمہ سامانِ ناز نیست
فہرستِ کارخانۂ یغمائے کیستی

ہوتا نہیں بہار میں بھی اس قدر متاع
سامانِ کارخانۂ یغما ہے کس کا تو

در شوخیِ تو چاشنیِ پَر فشانی است
بے پردہ صیدِ دامِ تپش ہائے کیستی

شوخی میں تیری چاشنیِ اضطراب ہے
بے پردہ صیدِ دامِ تپش ہا ہے کس کا تو

از ہیچ نقشِ غیر نکوئی ندیدہ
اے دیدہ محوِ چہرۂ زیبائے کیستی

آتا سوائے حسن نہیں کچھ نظر جو اب
اے دیدہ محوِ چہرۂ زیبا ہے کس کا تو

غالب نوائے کلکِ تو دل می برد بدست
تا پردہ سنجِ شیوۂ انشائے کیستی

غالب نوائے کلک جو ایسی ہے دلربا
نغمہ سرائے شیوۂ انشا ہے کس کا تو

وقت آنکه کسبِ بوئے تو از باد کردمے
گل دیدمے و روئے ترا یاد کردمے

دل میرا بوئے زلف سے آباد تھا بہت
آتا گلوں کو دیکھ کے تُو یاد تھا بہت

وقت آنکه گر براهِ تو جاں دادمے بذوق
از موجِ گردِ ره نفس ایجاد کردمے

جاں دیتا تیری رہ میں جو تھا، دیکھ کر مجھے
ہوتا غبارِ رہ نفس ایجاد تھا بہت

وقت آنکه گر لبت نه به نفرین نواختے
رنجیدمے و عربده بنیاد کردمے

دشنام سے نوازتے گر لب نہ تھے ترے
کرتا میں تجھ سے داد تھا فریاد تھا بہت

وقت آنکه قیس را بستر گی ستودمے
در چابکی ستائشِ فرہاد کردمے

اک وقت تھا کہ قیس کی کرتا تھا پیروی
کرتا بھی میں ستائشِ فرہاد تھا بہت

وقت آنکه جانبِ رخ و قدت گرفتمے
در جلوه بحث با گل و شمشاد کردمے

ہوتا تھا ذکر صورت و قامت کا جب تری
کرتا میں بحث با گل و شمشاد تھا بہت

وقت آنکه در ادائے سپاسِ پیامِ تو
ہر گونہ مرغِ صد قفس آزاد کردمے

آتا اگر پیام تھا تیرا تو شکر میں
کرتا قفس سے مُرغ ہیں آزاد تھا بہت

اکنوں خود از وفائے تو آزار می کشم
وقت آنکہ از جفائے تو فریاد کردمے

ناخوش ہوں اب وفا سے بھی، اک وقت تھا کہ جب
ہوتا جفا سے مائلِ فریاد تھا بہت

بندم منہ زطرہ کہ تابم نماندہ است
وقت آنکہ خویش را بہ بلا شاد کردمے

کر اب اسیرِ زلف نہ مجھ کو، گئے وہ دن
دل رہتا رہ کے قید میں بھی شاد تھا بہت

آخر بہ دادگاہِ دگر اوفتادہ کار
وقت آنکہ از تو شکوۂ بیداد کردمے

اب غم میں مجھ کو فرصتِ فریاد تک نہیں
وہ دن گئے کہ شکوۂ بیداد تھا بہت

غالبؔ ہوائے کعبہ بسر جا گرفتہ است
وقت آنکہ عزمِ خلّخ و نوشاد کردمے

غالبؔ خیالِ کعبہ ہے اب سر میں رات دن
تھا وقت اک کہ دل بجم آباد تھا بہت

✻

اے کہ گفتم ندہی دادِ دل، آرے ندہی
تاچوں من دل بہ مغاں شیوہ نگارے ندہی

اطمناں روح میں اسے، جاں میں قرار ایک نہیں
قلب میں جس کے مغاں شیوہ نگار ایک نہیں

چشمۂ نوش ہمانا نتراود ز دلے
کش نگیری و در اندیشہ فشارے ندہی

چشمۂ نوش اُبھرتا نہیں اس کے دل سے
جس کے سینے میں غمِ الفت یار ایک نہیں

ماہ و خورشید دریں دائرہ بے کار نیند
تو کہ باشی کہ بخود زحمتِ کارے ندہی

ماہ و خورشید کریں کام ہیں اپنے اپنے
ایک تو ہے کہ جسے زحمتِ کار ایک نہیں

پائے راخضرِ قدم سنجیِ کوئے نشوی
دوش را قدرِ گراں سنگیِ بارے ندہی

پاؤں کو تیرے قدم سنجی خضر کی نہ ملی
تیرے شانے پہ گراں سنگیِ بار ایک نہیں

سر براہِ دمِ شمشیرِ جوانے نہ نہی
تن بہ بندِ خمِ فتراکِ سوارے ندہی

سر کوئی بر دمِ شمشیرِ جواں سال نہیں
تن بہ بندِ خمِ فتراکِ سوار ایک نہیں

سینہ را خستۂ اندازِ فغانے نکنی
دیدہ را مالشِ بیدادِ غبارے ندہی

رکھتا اندازِ فغاں اک دلِ افگار نہیں
سرمہ سا چشم بہ بیدادِ غبار ایک نہیں

خوں بذوقِ غمِ یزداں نشناسے نخوری
دیں بہ مہرِ حقِ الفت نگذارے ندہی

کھاتا کوئی غمِ یزداں نشناس آج نہیں
کرتا عشقِ حقِ الفت نگزار ایک نہیں

آخرِ کار نہ پیداست کہ در تن افسرد
کفِ خونی کہ بداں زینتِ دارے ندہی

پڑھتا اب کلمۂ منصور نہیں ہے کوئی
جسمِ خونیں یہاں اب زینتِ دار ایک نہیں

حیف گر تن بہ سگانِ سرِ کوئے نہ رسد
وائے گر جاں بسرِ راہگذارے ندہی

کرتا اک ہے نہ سگ کوئے بتاں کی خدمت
جاں فدا کرتا سرِ راہگزار ایک نہیں

رہزنانِ اجل از دستِ تو ناگاہ برند
نقدِ ہوشے کہ بہ سودائے بہارے ندہی

کوئی اک دیتا نہ رہزن کو متاع اپنی ہے
نقدِ دل دیتا بہ سودائے نگار ایک نہیں

بہ خمِ طرۂ حورانِ بہشت آویزند
ناز پرورده دلے را کہ بہ یارے ندہی

زلفِ حوری میں بندھے شیخ جو ہیں، ان میں سے
رکھتا دل کو بہ خمِ گیسوئے یار ایک نہیں

گر تنزل نبود، ابرِ بہاری غالب
کہ دُر افشانی ز افشاندہ شمارے ندہی

کرتا محفل میں ہے غالب گہرافشانی جب
رہتا بالکل اسے گوہر کا شمار ایک نہیں

ہمنشیں جانِ من و جانِ تو ایں انگیز، ہے
سینۂ از ذوقِ آزارِ منش لبریز، ہے

دوستو دیکھو وہ دلبر کیسا فتنہ خیز ہے
ذوقِ جاں سوزی سے کتنا اس کا دل لبریز ہے

غیر دانم لذّتِ ذوقِ نگہ دانستہ است
کز پئے قتلم بدستش دادِ تیغِ تیز، ہے

لذّتِ نظارہ میری دیکھ کر، اس کو عدو
قتل کرنے کے لئے اک تیغ دیتا تیز ہے

می چکد خونم، رگِ ابراست آں فتراک، ہائے
می تپد خاکم، دمِ باد است آں شب دیز، ہے

خون ٹپکاتا مرا ہے گرد میں فتراک اک
خاک کو میری اڑاتا ایک اسپ تیز ہے

بر سر کوئے تو بے خود گشتنم از ضعف نیست
کشتۂ رشکم نیارم دیدِ خود را نیز، ہے

رشک نے بے خود کیا ہے، ناتوانی نے نہیں
دیکھنا خود کو ترے کوچے میں رشک انگیز ہے

ننگ باشد چشم بر ساطور و خنجر دوختن
غنچہ آسا سینۂ خواہم جراحت خیز، ہے

حاجتِ شمشیر و خنجر بات رسوائی کی ہے
صورتِ غنچہ، مرا سینہ جراحت خیز ہے

تیشہ را نازم کہ بر فرہاد آساں کرد مرگ
خنجرِ شیرویہ و جاں دادنِ پرویز، ہے

کوہکن کی موت تیشے سے ہوئی آساں مگر
مرنا مشکل تیغِ قاتل سے تجھے پرویز ہے

غمزہ را آں گوشۂ ابرو کشادِ دیگر است
آں خرامِ توسن و ایں جنبشِ مہمیز، ہے

جنبشِ ابرو سے ہوتا ہے سبک غمزہ بہت
غمزہ توسن ہے ترا، ابرو اگر مہمیز ہے

گفتم آرے رونقِ بازارِ کسریٰ بشکنی
گرم کردی در جہاں ہنگامۂ چنگیز، ہے

کیا ہوئی نوشیرواں کی رونق بازار اب
کیسا دنیا میں یہ اک ہنگامۂ چنگیز ہے

غالب از خاکِ کدورت خیزِ ہندم دل گرفت
اصفہاں، ہے یزد، ہے شیراز، ہے تبریز، ہے

چھوڑ یہ غالب کدورت ہند کی اور چل جہاں
اصفہاں ہے، یزد ہے، شیراز ہے، تبریز ہے

خوشنود شوی چوں دلِ خوشنود نیابی
ترسم کہ زیاں کارِ کسے، سود نیابی

خوش تُو ہے اگر، دل مرا خوشنود نہیں ہے
یوں ملتا، زیاں کار کبھی سود نہیں ہے

از قافلۂ گرم روانِ تو نباشد
رختے کہ بہ سیلش شرر اندود نیابی

وہ کب ہے ترے قافلۂ گرم رواں کا
جو سیل میں ساماں شرر آلود نہیں ہے

فرقے است نہ اندک ز دلم تا بدلِ تو
معذوری اگر حرفِ مرا زُود نیابی

دل میں مرے تیرے ہے بہت فاصلہ اور تُو
سمجھے مری دیرینہ لگن زُود نہیں ہے

بر ذوقِ خداداد، نظر دوختہ گانیم
در سینۂ ما زخمِ نمک سود نیابی

ہے لذتِ ناسور خداداد ہماری
کیا غم ہے اگر یہ نمک آلود نہیں ہے

در وجد و بہ ہنجارِ نفس دست فشانیم
در حلقۂ ما رقصِ دف و عود نیابی

آہنگِ نفس سے مجھے ملتی ہے قیادت
یہ وجد کوئی رقصِ دف و عود نہیں ہے

در مشربِ ما خواہشِ فردوس نجوئی
در مجمعِ ما طالعِ مسعود نیابی

مذہب میں مرے خواہشِ فردوس نہیں کچھ
محفل میں مری طالعِ مسعود نہیں ہے

در بادۂ اندیشۂ ما دُرد نہ بینی
در آتشِ ہنگامۂ ما دُود نیابی

ہے بادۂ اندیشہ مرا دُرد سے خالی
ہنگامے کی آتش میں مرے دُود نہیں ہے

چوں آخرِ حسن است بما ساز کہ دیگر
باہم کششِ مانعِ مقصود نیابی

ہے ختم جوانی تری، کر ربط کہ باہم
الجھن کوئی اب مانعِ مقصود نہیں ہے

غالب بہ دکانے کہ بہ امید کشودیم
سرمایۂ ما جز ہوسِ سود نیابی

امید کی غالب جو دکاں کھولی ہے، اس میں
سرمایہ مرا جز ہوسِ سود نہیں ہے

سرچشمۂ خوں ست ز دل تا بہ زباں، ہائے
دارم سخنے با تو و گفتن نتواں، ہائے

سرچشمۂ خوں دل سے رواں تا بہ زباں ہے
کر سکتی نہیں حال زباں پھر بھی بیاں ہے

سیرم نتواں کرد ز دیدارِ نکویاں
نظارہ بود شبنم و دل ریگِ رواں، ہائے

دیدار سے ہو سکتا نہیں سیر کبھی دل
کر سکتی نہ شبنم کوئی تر ریگِ رواں ہے

در خلوتِ تابوت نرفت است ز یادم
بر تختۂ در دوختہ چشمِ نگراں، ہائے

تاریکیِ تابوت میں بھی آتی نظر ہے
در پردہ، پسِ پردہ جو چشمِ نگراں ہے

اے فتویِٰ ناکامیِ مستاں کہ تو باشی
مہتابِ شبِ جمعۂ ماہِ رمضاں، ہائے

تشنہ لبی رندوں کی بڑھی، آیا جو بن کر
تُو ماہِ شبِ جمعۂ ماہِ رمضاں ہے

از جنت و سرچشمۂ کوثر چہ کشاید
خوں گشتہ دل و دیدۂ خونابہ فشاں، ہائے

جنّت میں نہ سرچشمۂ کوثر سے شگفتہ
خوں گشتہ دل، و دیدۂ خونابہ فشاں ہے

در زمزمہ از پردہ و ہنجار گزشتیم
رامشگریِ شوق بہ آہنگِ فغاں، ہائے

ہے زمزمۂ عشق نہ پابندِ دف و نے
نغمہ گریِ شوق بہ آہنگِ فغاں ہے

سیماب تنے کز رمِ برق است نہادش
گر دیدہ مرا مایۂ آرامشِ جاں، ہائے

سیماب تنی، برق رَوی، جس کی ہے طینت
دیکھو وہ بنا کیسا مجھے راحتِ جاں ہے

غالبؔ بہ دل آویز کہ در کار گہِ شوق
نقشے است دریں پردہ بصد پردہ نہاں، ہائے

دل تیرا جو اک کار گہِ شوق ہے غالبؔ
نقشِ ازلی اس میں بصد پردہ نہاں ہے

زاہد کہ و مسجد چہ و محراب کجائی
عیداست و دمِ صبح، مئے ناب کجائی

معلوم ہے مسجد کہاں، محراب کہاں ہے
ہے عید، بتا شیخ، مئے ناب کہاں ہے

دریا ز حباب آبلہ پائے طلبِ تست
نورِ نظرا اے گوہرِ نایاب کجائی

ہے آبلہ پا بحر حبابوں سے، طلب میں
پوچھے ہے مرا گوہرِ نایاب کہاں ہے

بوئے گل و شبنم نہ سزد کلبۂ ما را
صرصر تو کجا رفتی و سیلاب کجائی

غمخانے کو حاجت گل و شبنم کی نہیں کچھ
آندھی کہاں، طوفاں کہاں، سیلاب کہاں ہے

حشراست و خدا داور و ہنگامہ بہ پایاں
اے شکوۂ بے مہریِ احباب کجائی

داور ہے خدا، حشر ہے، تو وقت میں ایسے
اے شکوۂ بے مہریِ احباب کہاں ہے

آں شور کہ گردابِ جگر داشت، ندارد
اے لختِ دلِ غرقہ بخوناب کجائی

ہے ختم جو خوں آنکھ سے بہتا تھا جگر کا
تو اے دلِ صد غرقۂ خوناب کہاں ہے

چوں نیست نمک سائیِ اشکم، بہ فغانم
کاے روشنیِ دیدۂ بے خواب کجائی

اشکوں میں رہی میرے نمک سائی نہ اب، تو
اے روشنیِ دیدۂ بے خواب کہاں ہے

غواصیِ اجزائے نفس دیر ندارد
از دل نہ دمی، داغِ جگر تاب کجائی

اب سلسلۂ تارِ نفس ٹوٹ رہا ہے
اے دل وہ ترا داغِ جگر تاب کہاں ہے

شورے است نوا ریزیِ تارِ نفسم را
پیدا نہ ای، اے جنبشِ مضراب کجائی

ابھرائے تھی جو شور مرے تارِ نفس سے
اے جاں وہ تری جنبشِ مضراب کہاں ہے

بنمائے بہ گوسالہ پرستاں یدِ بیضا
غالب بہ سخن صاحبِ فرتاب کجائی

غالب تو دکھا سامریوں کو یدِ بیضا
سننے کی سخن حق کی انہیں تاب کہاں ہے

دیدہ ور آنکہ تا نہد دل بشمارِ دلبری
در دلِ سنگ بنگرد رقصِ بتانِ آذری

دیدہ ور وہ جو، کرے گر جستجوئے دلبری
دیکھے قلبِ سنگ میں رقص بتانِ آذری

فیضِ نتیجۂ ورع از مے و نغمہ یافتیم
زہرۂ ما بریں افق دادہ فروغِ مشتری

زہد اور تقویٰ کا فیض آتا مے و نغمہ سے ہے
حسنِ زہرہ سے افق پر ہے فروغِ مشتری

تا نبود بہ لطف و قہر، ہیچ بہانہ درمیاں
شکر گرفت نارسا، شکوہ شمرد سرسری

قہر کرتا ایک پر ہے، دوسرے پر مہر وہ
شکر جانے نارسا، شکوہ جو سمجھے سرسری

اے تو کہ، ہیچ ذرہ را، جز بہ رہِ تو روئے نیست
در طلبت تواں گرفت بادیہ را بہ رہبری

ریزہ ریزہ قلب کا کرتا ہے تیری جستجو
ہے تو سرگرداں مگر، ہے بے نیازِ رہبری

ہر کہ دل است در برش، داغِ تو رویدش ز دل
تا چو بہ دیگرے دہد، باز بری بہ داوری

جس کے سینے میں ہے دل، رکھتا وہ تیرا داغ ہے
دلبری سے تُو ہر اک دل پر کرے ہے داوری

بسکہ بہ فنِ عاشقی غیرتِ غیر جاں گز است
با تو خوشم کہ جز تو نیست روئے بہ ہر کہ آوری

عاشقی جو بھی کرے تجھ سے تو اس کے واسطے
ماسوا تیرے نہیں، ہو جس کو حقِ دلبری

رشکِ ملک چه و چرا، چوں بتو ره نمی برد
بیهده در هوائے تو می پَرد از سبکسری

کیوں کروں رشکِ فرشتہ، وہ بھی بے تابی سے جب
اڑتا پھرتا ہے ہوائے شوقِ جلوہ میں تری

کوثر اگر بمن رسد، خاک خورم ز بے نمی
طوبیٰ اگر زمن شود، ہیمہ کشم ز بے بری

ہو شکایت بے نمی کی، گر ملے کوثر مجھے
گر ملے طوبیٰ، مقدر میں مرے ہو بے بری

دردِ ترا بوقتِ جنگ قاعدۂ تہمتنی
فکر مرا بہ زیرِ زنگ آئینۂ سکندری

درد تیرا جنگ میں رکھتا ہے زورِ رستمی
فکر میرا زنگ میں آئینۂ اسکندری

بینی ام از گدازِ دل، در جگر آتشے چوں سیل
غالب اگر دمِ سخن، ره به ضمیرِ من بری

رہ ہو گر دل میں مرے غالب تجھے، تُو دیکھ کیا
یہ گدازِ دل کرے میرا جگر ہے آذری

❋

زبسکہ با تو بہر شیوہ آشنا ستمے
بہ عشق مرکزِ پرکارِ فتنہ ہا ستمے

ہوا ادا سے تری جب سے آشنا ہوں میں
مصیبتوں سے ہزاروں گھرا ہوا ہوں میں

امیدگاہِ من و ہمچو من ہزار یکیست
ز رشک در صددِ ترکِ مدعا ستمے

ہے رشک دیکھ کے عشاق اس قدر تیرے
کہ ترک کرنے کو تیار مدعا ہوں میں

سخن ز دشمن و غم ہائے ناگوارش نیست
ز دوست داغِ ستم ہائے ناروا ستمے

گلہ عدو سے نہیں، شکوہ یار سے ہے مجھے
ہلاکِ داغِ ستم ہائے ناروا ہوں میں

دیت مگو، و ملامت مسنج و فتنہ مگیر
چہ شد کہ ہیچ کسم، بندۂ خدا ستمے

نہ کر تو ایسی ملامت، نہ کہہ برا اتنا
برا سہی مگر اک بندۂ خدا ہوں میں

ستم نگر کہ بدیں بختِ تیرہ کہ مراست
ز بہرِ فرقِ عدو سایۂ ہما ستمے

ستم یہ کتنا ہے کہ باوجودِ بدبختی
سرِ عدو کے لئے سایۂ ہما ہوں میں

چگونہ تنگ توانم کشیدنت بہ کنار
کہ با تو در گلہ از تنگیِ قبا ستمے

ہزار رشک سے ہوتی ہے مجھ کو دل تنگی
جو دیکھتا یہ تیری تنگیِ قبا ہوں میں

نکردہ وعدہ کہ بر عاجزاں بہ بخشاید
امیدسنجِ فغاں ہائے نارسا ستمے

سنا ہے جب سے کہ عاجز کی ہوگی بخشائش
امیدسنجِ فغاں ہائے نارسا ہوں میں

بہ بادہ داغِ خودی از رواں فروشستہ
ہلاکِ مشربِ رندانِ پارسا ستمے

وہ دھوویں داغِ خودی ہیں شراب سے اپنے
فدائے شیوۂ رندانِ پارسا ہوں میں

بہ ہرزہ ذوقِ طلب می فزایدم غالب
کہ باد در کف و آتش بہ زیرِ پا ستمے

فزوں ذوقِ طلب کر رہا ہوں میں غالب
کہ باد در کف و آتش بہ زیرِ پا ہوں میں

دلم در نالہ از پہلوئے داغِ سینہ تاب استے
بر آتش پارۂ چسپیدہ لختے از کباب استے

لگا یوں قلب پر اک داغ، کر کے سینہ تابی ہے
چپکتا جیسے انگارے پہ اک لختِ کبابی ہے

بہارم دیدن و رازم شنیدن بر نمی تابد
نگہ تا دیدہ خون استے و دل تا زہرہ آب استے

نہیں منت کشِ تابِ شنیدن راز ہے میرا
کہ دل میں داغ میرے، چشمِ تر میں خونِ نابی ہے

ہجومِ جلوۂ گل کاروانم را غبار استے
طلوعِ نشۂ مے مشرقم را آفتاب استے

ہجومِ جلوۂ گل ہے غبارِ کارواں میرا
طلوعِ نشۂ بادہ صعودِ آفتابی ہے

فغانم را نوائے صورِ محشر ہم عناں استے
بیانم را رواجِ شورِ طوفاں در رکاب استے

نوائے صورِ محشر ہے فغاں کی ہم عناں میری
بیاں میں ایک شورِ اضطرابِ سیلِ آبی ہے

خطائے سر زد از بے صبری و شرمندہ از نازم
بحسرت مُردن استغنائے قاتل را جواب استے

خوشی سے جان دے، سر رکھ کے خنجر پر خموشی سے
کہ بے صبری خطا ہے، ناشکیبائی خرابی ہے

دلم صبحِ شبِ وصلِ تو بر کاشانہ می لرزد
در و بامم بوجد از ذوقِ بوئے رختِ خواب استے

لرزتا دل شبستاں دیکھ کر ہے صبحِ وصلت میں
کرے رقصاں در و دیوار بوئے رختِ خوابی ہے

زہے جان و دلم کز ہفت دوزخ یادگار استے
خوشا پایا تا سرت کز ہشت گلشن انتخاب استے

دلِ غمگین میرا یادگارِ صد جہنم ہے
پذیرفتۂ صد جنت ترا روئے گلابی ہے

دلم می جوئی و از رشک می میرم کہ در مستی
چرا زاں گوشۂ ابرو اشارت کامیاب استے

تجھے ہے جستجوئے دل، مجھے ہے رشک، مستی میں
اشارے کو ترے ابرو کے کیسی کامیابی ہے

محبت در بلا اندازہ می جوید مقابل را
کتانِ ہوش را مرجلوۂ گل ماہتاب استے

شمعِ روشن تری پروانۂ دل خاک ہے کرتی
کتانِ ہوش کرتی چاک تیری ماہتابی ہے

گلویم تشنہ و جان و دلم افسردہ، ہے ساقی
بدہ نوشینہ داروئے کہ ہم آتش ہم آب استے

گلو تشنہ و جان و دل فسردہ، دے مجھے ساقی
وہ اک دارو کہ جس میں آب آتش، آگ آبی ہے

نگویم ظالمی اما تو در دل بودۂ وانگہ
دلے دارم کہ، ہمچو خانۂ ظالم خراب استے

تُو ظالم تو نہیں لیکن بسا ہے اس میں تُو جب سے
لٹا ہے دل، ہوئی اس کی بہت خانہ خرابی ہے

منال از عمرِ و سازِ عیش کن کز بادِ نوروزی
گلستاں جلوۂ رنگینیِ عہدِ شباب استے

نہ کھا غم عمر کا، کر عیش اب کہ موسم گل میں
گلستاں جلوۂ رنگینیِ عہدِ شبابی ہے

طفیلِ اوست عالم غالباً دیگر نمی دانم
گر از خاک است آدم، پائے نامِ بوتراب استے

بنایا خاک سے، غالب ولیکن قدرتِ حق نے
عطا کی آدمِ خاکی کو شانِ بوترابی ہے

غزلیاتِ حافظِ شیراز

منظوم اردو ترجمہ

ڈاکٹر خالد حمید (ایم ڈی)

(مطبوعہ - کراچی)

ہا پری شیوہ غزالان وز مردم رم شان
دلِ مردم بہ خمِ طرہ خم در خم شان